لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

MEMBER APNS

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

ABC CERTIFIED

Daily SEHAR لاہور

مجھے ہے حکم اذاں لا الٰہ الا اللہ

روزنامہ

سحر

چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

جلد: 19 | جمعرات 24 ستمبر 2026ء 1448ھ 11 ربیع الثانی 10 اسوج صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر: 242

www.sehar.pk dailysehar1@gmail.com

49. (ان سرغنوں نے) کہا: تم آپس میں اللہ کی قسم کھا کر عہد کرو کہ ہم ضرور رات کو صالح (علیہ السلام) اور اس کے گھر والوں پر قاتلانہ حملہ کریں گے پھر ان کے وارثوں سے کہہ دیں گے کہ ہم ان کی ہلاکت کے موقع پر حاضر ہی نہ تھے اور بیشک ہم سچے ہیں ○ سورۃ البقرہ

افغان طالبان رجیم کے 8 ڈرونز پاکستانی حدود میں داخل تمام مار گرائے

مستونگ میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائی، 9 خوارج مارے گئے، اسلحہ و گولہ بارود برآمد، فائرنگ کے تبادلے میں ایک جوان زخمی، کرم سیکٹر میں افغان طالبان کی پاکستانی سرحدی چوکیوں پر بلا اشتعال فائرنگ،

پاکستانی فورسز کا منہ توڑ جواب، دشمن کی توپیں خاموش کرادیں، دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے والے سیکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں پر فخر ہے، سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں قومی سلامتی کے تحفظ کے عزم کی عکاس ہیں، محسن نقوی

کرم / پشاور / مستونگ / تربت / راولپنڈی / اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) افواجِ پاکستان نے افغان طالبان رجیم کی جانب سے مبینہ طور پر ڈرونز کے ذریعے فضائی حدود کی خلاف ورزی کی کوشش ناکام بنا دی، پاکستانی حدود میں داخل ہونے والے 8 ڈرونز مار گرائے گئے، کرم سیکٹر میں افغان طالبان کی جانب سے پاکستانی سرحدی چوکیوں پر بلا اشتعال فائرنگ کی گئی تاہم پاکستانی فورسز کا منہ توڑ جواب دیتے ہوئے دشمن کی توپیں خاموش کرادیں، جبکہ مستونگ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سے گیٹس فاؤنڈیشن کے چیئرمین بل گیٹس ملاقات کرتے ہوئے

پاکستان اور سعودی عرب کے عوام مکہ معاہدے سے بہت خوش ہیں، مریم نواز شریف

پاکستان اور سعودی عرب کا مکہ معاہدہ خطے میں امن اور استحکام کی جانب بھی ایک اہم قدم ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے سعودی عرب کے قومی دن پر سعودی قیادت اور عوام کو مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے خصوصی پیغام میں مریم نواز شریف نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے عوام مکہ معاہدے سے بہت خوش ہیں۔ پاکستانی عوام الحرمین و شریفین کی حفاظت کو سعادت سمجھتی ہے۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ پاکستان اور عوام سعودی عرب کو محبت، عقیدت اور قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ سعودی عرب میں امن (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2)

بجلی چوری کی نشاندہی اور نقصانات میں کمی کے لیے تمام ڈسکوز کے تکنیکی آڈٹ کا فیصلہ

انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن کو تکنیکی معاونت فراہم کرنے اور شفاف و قابلِ اعتماد طریقہ کار کے تحت آڈٹ کرانے کی ذمہ داری سونپ دی گئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) بجلی چوری کی نشاندہی اور نقصانات میں کمی کے لیے تمام ڈسکوز کے تکنیکی آڈٹ کا فیصلہ کرلیا گیا وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور و اسٹیبلشمنٹ ڈویژن سینیٹر احد چیمہ اور وفاقی وزیر برائے پاور ڈویژن سردار اویس احمد خان لغاری نے وزیراعظم کی ہدایت پر ڈسکوز میں بے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3)

اہم خبریں

وزیر داخلہ سے امریکی سفیر کی ملاقات، پاک امریکہ تعلقات، سرمایہ کاری کے نئے مواقع اور علاقائی سکیورٹی کی مجموعی صورتحال پر گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے امریکی سفیر نیٹلی بیکر نے اہم ملاقات کی جس میں پاک امریکا تعلقات کے فروغ، سرمایہ کاری کے نئے مواقع اور علاقائی سکیورٹی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5)

اسحاق ڈار کی ہنگری کی ہم منصب سے ملاقات، دوطرفہ تعلقات سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس کے موقع پر ہنگری کی اپنی ہم منصب (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4)

اقوام عالم کو مشترکہ خوشحال مستقبل کے کیلئے، متبادل بحری ایندھن، جدید ٹیکنالوجیز کی شمولیت، توانائی کے ذمہ درانہ استعمال اور بحری آلودگی کی روک تھام پر توجہ مرکوز کرنی ہوگی، شہباز شریف

وزیراعظم: بحری ذرائع سے پاکستان جڑی معاشی سرگرمیوں کا محور ہیں

قومی سطح پر بحری نظام کی ڈیجیٹل منتقلی کے لئے اسمارٹ شپنگ، مربوط بندرگاہی نظام، مصنوعی ذہانت اور پیش گوئی پر مبنی ٹیکنالوجیز اور سائبر سکیورٹی کی مضبوطی کے لئے اقدامات کیے جارہے ہیں، پاکستان ایک ذمہ دار بحری ملک کی حیثیت سے بحری سلامتی و تحفظ، ماحولیاتی پائیداری اور پیشہ ورانہ استعدادِ کار کی بہتری کا خواہاں ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ بحری ذرائع پاکستان کی تجارتی نقل و حمل، علاقائی و عالمی دفاعی روابط اور ہیلو اکانومی سے جڑی معاشی سرگرمیوں کا محور ہے، اقوام عالم کو مشترکہ خوشحال مستقبل کے کیلئے، متبادل بحری ایندھن، جدید ٹیکنالوجیز کی شمولیت، توانائی کے ذمہ درانہ استعمال اور بحری آلودگی کی روک تھام پر توجہ مرکوز کرنی ہوگی۔ عالمی یوم بحری امور پر اپنے پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ عالمی یومِ بحری امور کے موقع پر پاکستان محفوظ، فعال پُرامن اور ماحول دوست بحری نقل و حمل کے فروغ کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کرتا ہے، بحری ذرائع پاکستان کی تجارتی نقل و حمل، علاقائی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6)

نارووال: وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی احسن اقبال گوجرانوالہ تعلیمی بورڈ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے

ہر مسئلے کا حل بات چیت، تحریک انصاف احتجاج کی کال واپس لے، عبدالعلیم خان

جماعت اسلامی کے ذمہ دارانہ اور حب الوطنی کے طرز عمل کو سراہتے ہیں، وفاقی وزیر مواصلات

لاہور (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر مواصلات اور صدر استحکام پاکستان پارٹی عبدالعلیم خان نے جماعت اسلامی کے لانگ مارچ ختم کرنے پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8)

وزیر خارجہ کی یونانی ہم منصب سے ملاقات، دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ

یونانی وزیر خارجہ علاقائی امن و استحکام کے فروغ میں پاکستان کے تعمیری کردار کے ساتھ ساتھ عالمی سطح پر پاکستان کی بڑھتی ہوئی سفارتی سرگرمیوں کو سراہا

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس کے موقع پر یونان کے وزیر خارجہ جارج (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7)

کشمیر: او آئی سی رابطہ گروپ، اقوام متحدہ اور عالمی فورمز متفقہ موقف پر قرار رکھیں

اسحاق ڈار

جموں و کشمیر کا تنازع تقریباً 8 دہائیوں سے حل طلب ہے، پائیدار حل مذاکرات، سفارت کاری، بین الاقوامی قانون اور کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق ہی ممکن ہے

سندھ طاس معاہدہ ایک پابند بین الاقوامی معاہدہ ہے اور اس میں کسی فریق کو یکطرفہ طور پر معاہدہ معطل کرنے کی اجازت نہیں دی گئی، نائب وزیر اعظم وزیر خارجہ کا او آئی سی رابطہ گروپ سے خطاب

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ جموں و کشمیر کا تنازع تقریباً 8 دہائیوں سے حل طلب ہے اور اس کا پائیدار حل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9)

بلال اظہر کیانی کی زیر صدارت اجلاس، وزیراعظم فیول سبسڈی پروگرام کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا

وزیراعظم فیول ریلیف پروگرام کے اثرات عام اور مستحق شہریوں تک پہنچنا انتہائی ضروری ہیں، وزیر مملکت کی ہدایت

جہلم (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر مملکت برائے خزانہ و ریلوے بلال اظہر کیانی کی زیر صدارت ڈی سی آفس جہلم میں وزیراعظم فیول سبسڈی پروگرام کے تحت عوامی ریلیف کے اقدامات کا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10)

اسلام آباد: چیئرمین سینٹ سید یوسف رضا گیلانی سے بیلاروس کے سفیر ملاقات کرتے ہوئے

توانائی کی فراہمی کے حصول میں مشکلات کے وسیع معاشی اثرات مرتب ہوتے ہیں

وزیر خزانہ

ایندھن کی فراہمی میں رکاوٹوں کے باعث عالمی توجہ توانائی کی منتقلی سے بڑھ کر توانائی کے تحفظ کے فوری چیلنج کی جانب مرکوز ہے، وزیر خزانہ

ادویات کی قابلِ استطاعت قیمتوں، تجارتی پائیداری اور فراہمی کے تسلسل کے درمیان توازن کی ضرورت ہے، لاس اینڈ ڈیمیج فنڈ کو فعال بنانے میں سست پیش رفت قابل تشویش ہے، سینیٹر اورنگزیب کا خطاب

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات، سینیٹر محمد اورنگزیب نے 81ویں اجلاسِ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں شرکت کے لیے وزیر اعظم پاکستان کے ہمراہ اپنے دورہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15)

رانا تنویر حسین کی روم میں بنگلہ دیش کے وزرا سے اعلیٰ سطحی ملاقات

موسمیاتی تبدیلی، ابھرتی ہوئی بیماریوں اور ماحولیاتی دباؤ جیسے مشترکہ چیلنجز کا سامنا کر رہے ہیں

روم (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے روم میں ایف اے او کی جانب سے زرعی و غذائی نظاموں میں ون ہیلتھ کے فروغ کیلئے منعقدہ عالمی کانفرنس کے موقع پر بنگلہ دیش کے وزیر برائے ماحولیات، جنگلات و موسمیاتی تبدیلی عبدالعوّال منٹو اور وزیر مملکت برائے ماہی گیری و لائیوسٹاک سلطان صلاح الدین ٹوکو سے اعلیٰ سطحی ملاقات کی۔ ملاقات میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17)

روم: وفاقی وزیر رانا تنویر حسین س وزیر مملکت برائے ماہی گیری ولائیوسٹاک سلطان صلاح الدین ٹوکو سے ملاقات کرتے ہوئے

وزیراعظم سے بل گیٹس کی ملاقات، پاکستان سے پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے حکومت کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پولیو کے خاتمے، ماں و بچے کی صحت، غذائیت، حفاظتی ٹیکہ جات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16)

وزیر خارجہ کی بلغاریہ کی وزیر خارجہ ڈاکٹر ویلی سلاوا پیٹروواچامووا سے ملاقات، پاکستان-بلغاریہ تعلقات مضبوط بنانے کی خواہش کا اظہار

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی (یو این جی اے) کے 81ویں اجلاس کے موقع پر بلغاریہ کی وزیر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18)

اسلام آباد: وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

فورسز کی بلوچستان میں کارروائی، خواتین اور بچوں سمیت 103 غیر قانونی مقیم افغان باشندے گرفتار

گرفتار افغانی انسانی اسمگلرز کے ذریعے براستہ پاکستان، ایران اور یورپ جانے کی کوشش کر رہے تھے، ذرائع

دانا سربائی پاس (مانیٹرنگ ڈیسک) سکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے علاقے دانا سربائی پاس میں کارروائی کرتے ہوئے خواتین اور بچوں سمیت 103 غیر قانونی مقیم افغان باشندوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13)

خیبر پختونخوا کے حالات خراب ہیں، گورنر راج پر غور ہو رہا ہے، بیرسٹر عقیل

خیبر پختونخوا کے اندر گورننس کے ایشوز ہیں، صوبے کے عوام کو بے یار و مددگار چھوڑ دیا گیا ہے، گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر مملکت بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا کے حالات خراب ہیں اور وہاں گورنر راج کے حوالے سے غور ہو رہا ہے۔ جی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر مملکت بیرسٹر عقیل ملک نے کہا کہ آرٹیکل 232 کے تحت گورنر راج لگانے کے حوالے سے غور کر رہے ہیں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14)

وزیر خزانہ کی بوئنگ گلوبل کے صدر سے ملاقات، وزیر خزانہ سینیٹر اورنگزیب نے پی آئی اے کی نجکاری اور بڑے ہوائی اڈوں کے انتظام کو آؤٹ سورس کرنے کے منصوبوں سے آگاہ کیا

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات، سینیٹر محمد اورنگزیب نے 81ویں اجلاسِ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11)

بوسنیا و ہرزیگووینا کی صدارتی کونسل کے چیئرمین سے ملاقات میں دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ ہوا، وزیراعظم

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے موقع پر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12)

پی ٹی آئی کا سیاسی بیانیہ سوشل میڈیا پر جھوٹ اور سٹہ بازی پر مبنی ہے، وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ

پاکستان مسلم لیگ (ن) ترقی پر یقین رکھتی ہے، پی ٹی آئی حکومت نے خیبر پختونخوا کو تباہی اور بربادی کے سوا کچھ نہیں دیا، خیبر پختونخوا میں دانش اسکول قائم کیے جا رہے ہیں

انشا اللہ ایک دن ایسا آئے گا جب خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کا نام و نشان تک باقی نہیں رہے گا، کارکنوں سے گفتگو

پشاور (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کا سیاسی بیانیہ سوشل میڈیا پر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29)

وفاقی وزیر ریلوے کا افغان طالبان کے ڈرونز گرانے پر مسلح افواج کو زبردست خراجِ تحسین

مملکتِ پاکستان کی جغرافیائی سالمیت، ریاستی خودمختاری اور عوام کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، حنیف عباسی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے افغان طالبان رجیم کی جانب سے بھیجے گئے تمام ڈرونز کو فضا ہی میں مار گرانے اور ناکارہ بنانے پر پاکستان کی مسلح افواج اور ایئر ڈیفنس سسٹم کو شاندار الفاظ میں خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ مملکتِ پاکستان کی جغرافیائی سالمیت، ریاستی خودمختاری اور عوام کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ وزارت ریلوے سے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31)

لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ نعمان محمود کو دفاعی معاہدے کے تحت پہلے سیکریٹری جنرل مقرر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ نعمان محمود کو دفاعی معاہدے کے تحت پہلے سیکرٹری جنرل مقرر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30)

کوہاٹ مسجد حملہ، سلامتی کونسل کا سخت ردعمل، دہشت گردوں کو انصاف کے کٹہرے میں لانے کا مطالبہ

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے خیبر پختونخوا کے ضلع کوہاٹ میں مسجد پر خودکش دہشتگرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے حملے کے ذمہ داروں، منصو (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33)

ہمیں معلوم ہے ہم نے کس سے بات کرنی ہے، بات ہونی چاہیے لیکن بدقسمتی سے ابھی بات نہیں ہو رہی، بیرسٹر گوہر

بانی پی ٹی آئی کے خاندان کے چار لوگ اور آٹھ اراکین اسمبلی گرفتار، وزراء لاپتہ ہیں، جو کیا جا رہا ہے جمہوریت کیلئے خطرناک ہے

بیرسٹر گوہر کی عمران خان کی بہنوں کے گھر آمد، اہل خانہ سے ملے اور ان کا حوصلہ بڑھایا، ہم حالات کا ڈٹ کر مقابلہ کرینگے، گفتگو

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ ہمیں معلوم ہے کہ ہم نے کس سے بات کرنی ہے، بات ہونی چاہیے لیکن بدقسمتی سے ابھی بات نہیں ہو رہی، بانی پی ٹی آئی کے خاندان کے چار لوگ اور آٹھ اراکین قومی اسمبلی گرفتار اور وزراء لاپتہ ہیں، خیبر پختونخوا میں اراکین قومی و صوبائی ہمارے ہیں لیکن سکہ آپ کا چلتا ہے یہ جمہوریت کیلئے خطرناک ہے۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32)

نیویارک: وفاقی وزیر خزانہ و محصولات، سینیٹر محمد اورنگزیب او آئی سی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے

سردار ایاز صادق سے یورپی یونین کے پارلیمانی وفد کی یورپی پارلیمنٹ کی رکن ماریہ خان کی قیادت میں ملاقات

افغانستان کی سرزمین سے پاکستان کو دہشت گردی کا سامنا ہے، افغانستان سے دہشت گردی بڑا چیلنج ہے، اسپیکر قومی اسمبلی

یورپی یونین کے پارلیمانی وفد نے پرتپاک استقبال پر اسپیکر قومی اسمبلی سے اظہار تشکر کیا

اسلام آباد (عباس ملک سے) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے بدھ کو یورپی یونین کے پارلیمانی وفد نے یورپی پارلیمنٹ کی رکن ماریہ خان کی قیادت میں ملاقات کی جس میں اہم علاقائی و عالمی امور سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسپیکر نے وفد سے بات چیت کرتے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26)

وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری کا پٹرول پمپس کا دورہ

پیٹرول ریلیف سکیم پر عملدرآمد سمیت شہریوں کو دی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے وفاقی دارالحکومت کے مختلف پٹرول پمپس کا دورہ کیا اور وزیراعظم پاکستان کی جانب سے فراہم کردہ پیٹرول ریلیف سکیم پر عملدرآمد سمیت شہریوں کو دی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27)

لیوی کے خاتمہ تک لانگ مارچ سے دستبردار نہیں ہوں گے، احتجاج میں وسعت آئے گی، حافظ نعیم الرحمٰن

بہتر یہی ہے پٹرولیم لیوی ختم کردی جائے ورنہ عوام حکومت گرانے نکل پڑیں گے، امیر جماعت اسلامی

بدقسمتی سے بڑی سیاسی پارٹیاں عوامی مسائل پر آواز نہیں اٹھاتیں، اسلام آباد میں پریس کانفرنس

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ پٹرولیم لیوی کے خلاف دھرنوں اور احتجاج میں مزید وسعت آئے گی، لانگ مارچ کے حق سے کسی صورت دستبردار نہیں ہوں گے، وزیراعظم کی درخواست پر مارچ کو چند روز کے لیے روکا گیا ہے، شہباز شریف (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28)

وزیر صحت کی زیر صدارت اجلاس، مریضوں اور طبی عملے کی حفاظت کے لیے ضروری اصلاحات ترجیحی بنیادوں پر مکمل کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال کی زیر صدارت اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں وزارتِ صحت کے متعلقہ اعلیٰ حکام اور افسران نے شرکت کی۔ وزارتِ صحت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25)

اصل ڈیزائن اہم، بعد کی ساختی تبدیلی سے گاڑی کی کسٹمز ٹیرف درجہ بندی تبدیل نہیں ہوتی، سپریم کورٹ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپریم کورٹ آف پاکستان نے قرار دیا ہے کہ کسٹمز ٹیرف کی درجہ بندی کے لیے گاڑی کا اصل ڈیزائن اور تیاری بنیادی اہمیت رکھتے ہیں، بعد ازاں شناختی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24)

پاکستان اور آئی ایم ایف مذاکرات شروع، 1.2 ارب ڈالر ملنے کا امکان

پاکستان نے زرمبادلہ ذخائر 17 ارب ڈالر سے زیادہ رکھنے کا ہدف حاصل کرلیا، موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کیلئے مزید 20 کروڑ ڈالر ملنے کی توقع

پہلے مرحلے میں اسٹیٹ بینک حکام سے تکنیکی مذاکرات کیے جائیں گے جس میں کرنٹ اکاؤنٹ خسارے، بنیادی شرح سود اور ایکسچینج ریٹ پر بات ہوگی، ذرائع

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان مذاکرات بدھ سے شروع ہو گئے ہیں جس کی کامیابی پر 1.2 (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19)

بحری سلامتی، تحفظ اور ضابطہ کار کی نگرانی کو مزید مضبوط بنانے کیلئے پرعزم ہے، صدر زرداری

اپنی بندرگاہوں اور بحری افرادی قوت کو ماحول دوست جہاز رانی کی جانب منتقلی کیلئے تیار کرنا ہوگا، ورلڈ میری ٹائم ڈے کے موقع پر پیغام

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ پاکستان اپنی بین الاقوامی ذمہ داریوں کے مطابق بحری سلامتی، تحفظ اور ضابطہ کار کی نگرانی کو مزید مضبوط بنانے کیلئے پرعزم ہے، موجودہ علاقائی کشیدگی کے دوران ہمارے سمندری جہاز رانوں اور بحری عملے نے ایک بار پھر مشکل حالات میں فرائض سے بڑھ کر خدمات انجام دے کر قوم کا سر فخر سے بلند کیا ہے، غیر معمولی جرات، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21)

وزیر داخلہ سے امریکی سفیر کی ملاقات، باہمی تعلقات کے فروغ پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے امریکی سفیر نیٹلی بیکر نے اہم ملاقات کی، جس میں پاک امریکا تعلقات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20)

لاہور ہائیکورٹ کا عدالتی حکم پر عملدرآمد نہ ہونے پر اظہار برہمی، ایڈیشنل سیکرٹری اسٹیبلشمنٹ ذاتی حیثیت میں طلب

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے ڈی آئی جی احمد ناصر عزیز ورک کی پروفارما پروموشن سے متعلق کیس میں عدالتی حکم پر عملدرآمد نہ ہونے اور متفرق درخواست میں عدالت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23)

وزیر اعظم کی بوسنیا و ہرزیگووینا کی صدارتی کونسل کے چیئرمین سے ملاقات

شہباز شریف کا ملاقات میں بوسنیا و ہرزیگووینا کے ساتھ پاکستان کے تاریخی، قریبی اور برادرانہ تعلقات کی اہمیت کا اعادہ

ڈاکٹر ڈینس بیچیر ووچ نے مغربی ایشیا اور خلیجی خطے میں کشیدگی میں کمی اور حالات کو معمول پر لانے کے لیے پاکستان کے ثالثی کردار کو سراہا

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر بوسنیا و ہرزیگووینا کی صدارتی کونسل کے چیئرمین ڈاکٹر ڈینس بیچیر ووچ سے ملاقات کی جس دوران دونوں رہنماء ں نے پاکستان اور بوسنیا و ہرزیگووینا کے درمیان دوطرفہ تعلقات کے تمام پہلوں کا جائزہ لیا، جن میں سیاسی، اقتصادی، دفاعی تعاون، ہنرمند افرادی قوت کا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور احد چیمہ اور وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری سے بجلی چوری سے متعلق قائم کمیٹی کے اجلاس کی مشترکہ صدارت کرتے ہوئے

Shehar Shehar Nagar Nagar — شہر شہر، نگر نگر

محترمہ شازیہ بانو نے بطور چیف ایگزیکٹو آفیسر، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی اوکاڑہ اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا

محترمہ شازیہ بانو نے بطور چیف ایگزیکٹو آفیسر، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی اوکاڑہ اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا

رینالہ خورد (سرفراز انجم سے) محترمہ شازیہ بانو نے بطور چیف ایگزیکٹو آفیسر، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی اوکاڑہ اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔ چارج سنبھالنے پر ضلع بھر کے محکمہ تعلیم کے افسران، پرنسپلز، ہیڈ ماسٹرز اور تعلیمی رہنماؤں نے ان کا پرتپاک استقبال کیا، پھولوں کے ہار پہنائے اور گلدستے پیش کر کے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ تقریب میں محمد جمیل رضوی، ڈی ای او سیکنڈری اوکاڑہ، راؤ صغیر احمد، ڈی ای او ایلیمنٹری اوکاڑہ، مس سمیرا، ڈی ای او ایلیمنٹری (زنانہ) اوکاڑہ، سید فرید الحسن شاہ، ڈپٹی ڈی ای او ایلیمنٹری، عابد حسین، ڈپٹی ڈی ای او تحصیل اوکاڑہ، ذوالفقار علی ثاقب، ڈپٹی ڈی ای او دیپال پور، (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 6)

اوکاڑہ سموگ کی روک تھام کے لیے محکمہ ماحولیات متحرک، اینٹوں کے بھٹوں کی سخت چیکنگ جاری

اوکاڑہ (بیورو چیف + ڈسٹرکٹ رپورٹر) اوکاڑہ سموگ کی روک تھام کے لیے محکمہ ماحولیات متحرک، اینٹوں کے بھٹوں کی سخت چیکنگ جاری، ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک کی ہدایت پر محکمہ ماحولیات کی ٹیموں نے مختلف مقامات پر انسداد سموگ مہم کے تحت اینٹوں کے بھٹوں کی چیکنگ کا سلسلہ تیز کر دیا ہے۔ اس سلسلہ میں محکمہ ماحولیات کی تفتیشی ٹیموں نے مختلف علاقوں میں قائم اینٹوں کے بھٹوں کا معائنہ کیا اور مالکان کو ماحولیاتی قوانین اور زگ زیگ ٹیکنالوجی کے ایس او پیز پر سو فیصد عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایات جاری کیں۔ ڈپٹی ڈائریکٹر ماحولیات محمد جہانتاب اختر نے بھٹہ مالکان ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ سموگ کے تدارک کے لیے حکومتی ایس او پیز کی خلاف ورزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ روایتی اولڈ ڈیزائن والے بھٹوں اور دھوئیں کے ذریعے ماحولیاتی آلودگی پھیلانے والے یونٹس کے خلاف (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 8)

غیر قانونی اور غیر محفوظ ایل پی جی شاپس کے خلاف کریک ڈاؤن، 5 دکانیں سیل

اوکاڑہ (بیورو چیف + ڈسٹرکٹ رپورٹر) غیر قانونی اور غیر محفوظ ایل پی جی شاپس کے خلاف کریک ڈاؤن، 5 دکانیں سیل، مقدمات درج، ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک کی ہدایت پر محکمہ سول ڈیفنس کی ٹیموں نے غیر قانونی اور غیر محفوظ ایل پی جی شاپس کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 5 دکانیں موقع پر سیل کر دیں۔ سول ڈیفنس آفیسر عدنان قیصر کی زیر نگرانی ٹیموں نے مختلف علاقوں میں سرپرائز چیکنگ کے دوران سیفٹی ایس او پیز کی خلاف ورزی کرنے والی دکانوں کے مالکان کے خلاف قانونی کارروائی کرتے ہوئے مقدمات بھی درج کروا دیے۔ سول ڈیفنس آفیسر عدنان قیصر نے کہا کہ عوام الناس کی جانی و مالی حفاظت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور غیر محفوظ ایل پی جی ری فلنگ کے خلاف کارروائی جاری رہے گی۔ انہوں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 20)

تحصیل اوکاڑہ اور تحصیل رینالہ خورد میں غیر قانونی ایل پی جی شاپس کے خلاف کریک ڈاؤن کیا۔ سول ڈیفنس آفیسر عدنان قیصر کی زیر نگرانی ٹیموں نے مختلف علاقوں میں سرپرائز چیکنگ کرتے ہوئے سیفٹی ایس او پیز کی خلاف ورزی پر 5 دکانوں کو موقع پر سیل کر دیا جبکہ مالکان غیر محفوظ ایل پی جی ری فلنگ شہریوں کی زندگیوں سے کھیلنے کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ اوکاڑہ اور رینالہ خورد میں حفاظتی ضوابط کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی گئی ہے اور یہ بلا امتیاز کریک ڈاؤن آئندہ بھی جاری رہے گا۔

بدوملہی کے نواحی گاؤں ملک پور میں قتل ہونے والے نوجوان کے ملزمان تاحال گرفتار نا ہو سکے لواحقین در بدر انصاف کی تلاش میں سرگرداں

بدوملہی (بیورو چیف یاسر ملہی سے) بدوملہی کے نواحی گاؤں ملک پور میں قتل ہونے والے نوجوان کے ملزمان تاحال گرفتار نا ہو سکے لواحقین در بدر انصاف کی تلاش میں سرگرداں تفصیلات کے مطابق تقریباً ایک مہینہ پہلے نوجوان کی خودکشی کا معاملہ سامنے آیا لیکن لواحقین نے ایک درخواست تھانہ نارنگ کو دی جس میں مدعیہ نے الزام لگایا کہ اس کی چچی مہناز زوجہ عابد نے مدثر شاہ وغیرہ کے ساتھ مل کر ہمارے بھائی کو قتل کیا ہے جس کے بعد پولیس نے ملزمہ مہناز کو گرفتار کر لیا جس نے دوران تفتیش اپنے جرم کا اقبال کر لیا کہ اس نے اکیلے ہی کزن کو قتل کیا ہے، لیکن حقائق بالکل برعکس ہیں بعد ازاں وقوعہ کے تقریباً ایک ہفتہ بعد ایک آئی آر درج کر لی گئی جس میں مدعیہ کا مؤقف ہے کہ انہوں نے خود ملزمہ اور نامزد ملزم مدثر شاہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 19)

گرلز ڈگری کالج ساؤتھ سٹی کی کینٹین ٹھیکہ میں مبینہ بے ضابطگیاں، تین رکنی انکوائری کمیٹی تشکیل

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + نامہ نگار) گرلز ڈگری کالج ساؤتھ سٹی کی کینٹین ٹھیکہ میں مبینہ بے ضابطگیاں، تین رکنی انکوائری کمیٹی تشکیل گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج ساؤتھ سٹی اوکاڑہ کی کینٹین کے ٹھیکے کے معاملے میں مبینہ بے ضابطگیوں کی شکایت پر ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز اوکاڑہ نے نوٹس لے لیا۔ اوکاڑہ: متاثرہ خاتون کی جانب سے دی گئی درخواست میں مؤقف اختیار کیا گیا تھا کہ کینٹین کے ٹھیکے کے لیے ہونے والی بولی میں وہ کامیاب قرار پائیں، تاہم بعد ازاں مبینہ طور پر انہیں ٹھیکہ دینے سے محروم کر کے کسی اور کو الاٹ کر دیا گیا۔ اوکاڑہ: درخواست گزار نے پروفیسر میڈم افرا قریشی اور پرنسپل میڈم مسرت جبیں پر مبینہ اقربا پروری اور بے ضابطگیوں کے الزامات عائد کرتے ہوئے معاملے کی شفاف (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 18)

وزیر آباد اور گردونواح میں گزشتہ کئی ماہ سے شادی ہالز اور مارکیوں میں ون ڈش پالیسی کی مبینہ خلاف ورزیوں کا سلسلہ جاری

وزیر آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر مہر عبدالصمد) وزیر آباد اور گردونواح میں گزشتہ کئی ماہ سے شادی ہالز اور مارکیوں میں ون ڈش پالیسی کی مبینہ خلاف ورزیوں کا سلسلہ جاری ہے، جبکہ شہریوں کو ناقص معیار کے مصالحہ جات، غیر معیاری گھی، آئل اور دیگر اشیائے خورونوش استعمال کیے جانے کی شکایات بھی سامنے آ رہی ہیں۔ ذرائع کے مطابق بعض شادی ہالز اور مارکیوں میں وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی جانب سے نافذ کردہ ون ڈش پالیسی کے احکامات کو مبینہ طور پر نظر انداز کیا جا رہا ہے، جس کے باعث حکومتی پالیسی پر عملدرآمد کے حوالے سے سوالات اٹھنے لگے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ انتظامیہ کی جانب سے کی جانے والی کارروائیاں محض نمائشی معلوم ہوتی ہیں، جبکہ خلاف ورزیوں کی مؤثر روک تھام کے لیے مستقل (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 1)

پولیس متحرک، صبح سویرے سکیورٹی ڈیوٹیوں کی چیکنگ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پولیس متحرک، صبح سویرے سکیورٹی ڈیوٹیوں کی چیکنگ، ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد کی ہدایات پر ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز نے، جو ڈیشل گاردات، حوالات، عدالت ہائے اور بینکوں کی سکیورٹی ڈیوٹیاں چیک کیں۔ افسران نے قیدیوں کی محفوظ نقل و حمل، عدالتوں میں آنے والے شہریوں کے تحفظ اور (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 7)

ڈائریکٹ تاریں لگا کر بجلی چوری کرنے والے چار افراد پکڑے گئے

کاموںکے (تحصیل رپورٹر) ڈائریکٹ تاریں لگا کر بجلی چوری کرنے والے چار افراد پکڑے گئے۔ گذشتہ روز سٹی اور واہنڈو پولیس نے گیپکو کے ایس ڈی اوز کی درخواستوں پر ڈائریکٹ تاریں لگا کر بجلی چوری کرنے والے درویش پورہ کے محمد (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 4)

پاکستان لٹریری سوسائٹی کی کور کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاکستان لٹریری سوسائٹی کی کور کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں سوسائٹی کی آئندہ کی ادبی و ثقافتی سرگرمیوں کے حوالے سے دور رس نتائج کے حامل فیصلے کیے گئے۔ اجلاس کی صدارت مرکزی صدر اشفاق نیاز نے کی۔ اجلاس کے خاص مہمان پیٹرن ان چیف ممتاز قانون دان شاہد میر ایڈووکیٹ (سپریم کورٹ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 5)

ایل پی جی گیس کے غیر معیاری سلنڈر لگانے والے تین ڈرائیور پکڑے گئے

کاموںکے (تحصیل رپورٹر) مسافر ویگنوں میں ایل پی جی گیس کے غیر معیاری سلنڈر لگانے والے تین ڈرائیور پکڑے گئے۔ گذشتہ روز ایمن آباد پولیس نے پابندی کے باوجود مسافر ویگنوں میں ایل پی جی گیس سلنڈر نصب کرنے والے ڈرائیوروں گوجرانوالہ عاطف، گجرات کے عبدالرؤف اور حافظ آباد کے نعمان علی کیخلاف مقدمات درج کر لیے ہیں۔

پراپرٹی ٹیکس میں 5 فیصد رعایت، آخری تاریخ 30 ستمبر 2026 مقرر

اوکاڑہ (نامہ نگار) اسپکٹر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن اوکاڑہ میاں شجاع ہمایوں نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب نے پراپرٹی ٹیکس دہندگان کے لیے 5 فیصد رعایت کا اعلان کیا ہے جس کی آخری تاریخ 30 ستمبر 2026 مقرر کی گئی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جنرل سیکرٹری ڈسٹرکٹ پریس کلب اوکاڑہ محسن محمود چوہدری اور سیکرٹری فنانس حسنین (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 9)

میجنگ ڈائریکٹر ستھرا پنجاب ایجنسی اوکاڑہ احمد سلیم چشتی کی ہدایات پر تحصیل بھر میں جامع صفائی آپریشن جاری

اوکاڑہ (بیورو چیف + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن ستھرا پنجاب کے تحت وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق اور ڈائریکٹر جنرل ستھرا پنجاب اتھارٹی عمر جاوید کے احکامات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک



اور میجنگ ڈائریکٹر ستھرا پنجاب ایجنسی اوکاڑہ احمد سلیم چشتی کی مشترکہ ہدایات پر تحصیل بھر میں جامع صفائی آپریشن جاری ہے ڈسٹرکٹ مینیجر علی رضا کی زیر قیادت جبکہ سارکو پروجیکٹ مینیجر محمد رضوان ظفر اور تحصیل مینیجر نعمان راشد کی زیر نگرانی صفائی ٹیمیں شہری و دیہی علاقوں سے جمع شدہ کوڑا کرکٹ بروقت اٹھا کر مقررہ ڈمپ سائٹ منتقل کیا جا رہا ہے جبکہ نالیوں سے گندگی اور رکاوٹیں دور کر کے نکاسی آب کے نظام کو بہتر رکھنے کے اقدامات بھی کیے جا رہے ہیں صفائی کے بعد مختلف سڑکوں اور عوامی مقامات (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 3) میں صفائی کے فرائض انجام دے رہی ہیں اہم شاہراہوں، بازاروں، گلیوں، محلوں، گرین بیلٹس اور عوامی مقامات پر دستی صفائی، گھر گھر سے کچرا اٹھانے، نالیوں کی صفائی، گرین بیلٹس کی صفائی اور سڑکوں و عوامی مقامات کی دھلائی کا عمل جاری ہے عارضی کلیکشن پوائنٹس

16 سالہ لڑکی سے زیادتی کی کوشش، پولیس تھانہ سیدوالہ نے وقوعہ کا مقدمہ درج کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر لیا

ننکانہ صاحب (نمائندہ روز نامہ سحر) 16 سالہ لڑکی سے زیادتی کی کوشش، پولیس تھانہ سیدوالہ نے وقوعہ کا مقدمہ درج کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق نواحی علاقے ٹھٹھہ سانبھلاں (مشمولہ بلوبانیاں) میں رات کی تاریکی کے دوران 16 سالہ دوشیزہ (ا) کے ساتھ زبردستی زیادتی کرنے کی کوشش کی۔ متاثرہ لڑکی کی والدہ شہناز بی بی نے تھانہ سیدوالہ میں درخواست دیتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ رات تقریباً 12 بجے ملزم احسان زبردستی ان کے گھر میں داخل ہو گیا۔ ملزم نے چارپائی پر سوئی ہوئی ان کی 16 سالہ بیٹی کے منہ پر ہاتھ رکھ کر زبردستی اپنی ہوس کا نشانہ بنانے کی کوشش کی۔ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 10)

ایس ای لیسکو اوکاڑہ سرکل انجینئر سید قربان علی شاہ صارفین کے بجلی سے متعلق مسائل سنیں

حجرہ شاہ مقیم (نامہ نگار) لیسکو حجرہ ڈویژن میں آج کھلی کچہری لگائی جائے گی، ایس ای لیسکو اوکاڑہ سرکل انجینئر سید قربان علی شاہ صارفین کے بجلی سے متعلق مسائل سنیں گے۔ تفصیلات کے مطابق وزارت توانائی حکومت پاکستان کی ہدایات کی روشنی میں صارفین کے بجلی سے متعلق مسائل کے فوری حل کے لیے لیسکو اوکاڑہ سرکل کے زیر اہتمام آج 24 ستمبر بروز جمعرات حجرہ ڈویژن آفس میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا جائے گا۔ انجینئر سید قربان علی شاہ، ایس ای لیسکو اوکاڑہ سرکل صبح 11 بجے کھلی کچہری میں صارفین کے مسائل سنیں گے اور ان کی شکایات کے ازالے کے لیے متعلقہ حکام کو ہدایات جاری کریں گے حجرہ شاہ مقیم، بصیر پور، منڈی احمد آباد اور گردونواح کے صارفین اوور بلنگ، خراب میٹر، ٹرانسفارمر، بجلی چوری، نئے کنکشن اور دیگر بجلی سے متعلق شکایات پیش کر سکیں گے۔ لیسکو انتظامیہ کے مطابق صارفین کو موقع پر اپنا موقف بیان کرنے اور اپنے مسائل کے فوری حل کے لیے یہ سہولت فراہم کی جا رہی ہے۔ لیسکو انتظامیہ نے تمام صارفین سے اپیل کی ہے کہ وہ کھلی کچہری میں بھرپور شرکت کر کے اپنے مسائل پیش کریں اور اس موقع سے فائدہ اٹھائیں۔

انٹرمیڈیٹ (پہلا سالانہ) امتحان 2026 کے پوزیشن ہولڈرز کے اعزاز میں ایک پروقار تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد کیا گیا

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ساہیوال کے زیر اہتمام ڈویژنل پبلک سکول اینڈ کالج ساہیوال کے آڈیٹوریم میں انٹرمیڈیٹ (پہلا سالانہ) امتحان 2026 کے پوزیشن ہولڈرز کے اعزاز میں ایک پروقار تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل تھے جبکہ چیئرمین بورڈ فیصل اعجاز نے تقریب کی صدارت کی۔ اسسٹنٹ کمشنر جنرل غلام حسین بھٹی اور کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر رانا نوید عظمت نے میزبانی کے فرائض سر انجام دیے۔ ریسرچ اینڈ کوارڈینیشن آفیسر/پبلک ریلیشنز آفیسر حامد یاسین تقریب کے کوارڈینیٹر تھے۔ تقریب میں ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 2)

اہم ٹیلی فون نمبرز

ریسکیو سروسز	1122
پولیس ہیلپ لائن	15
ایمرجنسی کنٹرول	115
فائر بریگیڈ	16
ہوم ڈیلیوری	99212111
موٹروے پولیس	130
پنجاب ہائی وے پولیس	1124

ریلوے اور پی آئی اے

ریلوے انکوائری	117
ریزرویشن	99201772
ریلوے پولیس	1333
فلائٹ انکوائری	114
پی آئی اے ریزرویشن	111-786-786

شکایات سیل اور سنٹرز

وزیر اعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری مینجمنٹ سیل	99213100
پولیس شکایت	99202881
موبائل شکایت نمبر	111-000-118
سوئی گیس شکایت نمبر	99211022-9

ہسپتال اور بلڈ بنک

سروسز ہسپتال	99203402-22
میو ہسپتال	99211100-9
شیخ زید ہسپتال	35865831
جنرل ہسپتال	99264091-8
گنگا رام ہسپتال	99200572-9
یو ایچ ایم ہسپتال	35763573-5
اتفاق ہسپتال	35881981-05
سی ایم ایچ	66996168-72
شوکت خانم	35945100
جناح ہسپتال	111-809-809
چلڈرن ہسپتال	99230901-3
فاطمید بلڈ بینک	35863950
ایدھی بلڈ بینک	35417440

پیشہ ور گداگروں، خصوصاً خواتین اور بچوں کی بڑھتی ہوئی تعداد شہریوں اور تاجروں کے لیے تشویش کا باعث بن گئی

پیشہ ور گداگروں، خصوصاً خواتین اور بچوں کی بڑھتی ہوئی تعداد شہریوں اور تاجروں کے لیے تشویش کا باعث بن گئی

وزیر آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر مہر عبدالصمد) شہر کے مختلف بازاروں، چوراہوں، گلی محلوں اور تجارتی مراکز میں دوسرے اضلاع اور دور دراز علاقوں سے آنے والے پیشہ ور گداگروں، خصوصاً خواتین اور بچوں کی بڑھتی ہوئی تعداد شہریوں اور تاجروں کے لیے تشویش کا باعث بن گئی ہے۔ شہریوں نے پولیس کی موجودہ حکمت عملی پر بھی سوالات اٹھاتے ہوئے مؤثر کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق صبح سویرے ہی مختلف مقامات پر گداگروں کے گروہ سرگرم ہو جاتے ہیں اور صدقہ، خیرات، بیماری، غربت اور دیگر مجبوریوں کا حوالہ دے کر شہریوں سے رقم طلب کرتے ہیں۔ شہریوں اور دکانداروں کا کہنا ہے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 11)

پولیس کی کارروائی، 5 رکنی آصف گینگ گرفتار، ڈکیتی و چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث ملزمان سے دو پسٹل اور 2 لاکھ 34 ہزار روپے نقدی برآمد

حجرہ شاہ مقیم (سردار محمد اعظم وجھلانہ سے) حجرہ شاہ مقیم: پولیس کی کارروائی، 5 رکنی آصف گینگ گرفتار، ڈکیتی و چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث ملزمان سے دو پسٹل اور 2 لاکھ 34 ہزار روپے نقدی برآمد۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ ڈھلیانہ پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ایس ایچ او عظمت نسیم کی سربراہی میں ڈکیتی اور چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث مبینہ 5 رکنی آصف گینگ کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان میں گینگ کا سرغنہ آصف جبکہ دیگر ملزمان میں مظہر، سخاوت، ابوبکر اور راشد شامل ہیں۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے قبضے سے 2 عدد پسٹل 30 بور اور 2 لاکھ 34 ہزار روپے نقدی برآمد کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ گرفتار ملزمان کے خلاف چوری اور ناجائز اسلحہ کے مقدمات درج کر لیے گئے ہیں جبکہ پولیس کی جانب سے ملزمان سے مزید وارداتوں کے حوالے سے تفتیش جاری ہے۔

مدرسہ غوثیہ قادریہ کنز القرآن کے زیر اہتمام درود سرکل کی اختتامی تقریب کا انعقاد کیا گیا

بچیکی (نامہ نگار) مدرسہ غوثیہ قادریہ کنز القرآن کے زیر اہتمام درود سرکل کی اختتامی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت ناظم اعلیٰ مدرسہ سیدہ عابدہ گیلانی نے کی، ضلعی صدر منہاج القرآن شعبہ خواتین نکانہ صاحب فاطمہ یاسمین اور ڈپٹی کوارڈی نیٹر سوشل میڈیا نظام المدارس پاکستان شہزادہ روح الامین تقریب کی مہمان خصوصی تھیں جبکہ سماجی کارکنان ذکیہ رانی اور شبانہ ناز، مدرسہ کی اساتذہ اور طالبات نے تقریب میں شرکت کی، اس موقع پر محفل نعت کا بھی انعقاد کیا گیا جس کے دوران مدرسہ کی اساتذہ اور طالبات نے نبی کریم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اپنی عقیدت و محبت کے اظہار کے لئے درود وسلام اور ہدیہ نعت پیش کیا، شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجتے ہیں اس لئے ہمیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر زیادہ سے زیادہ درود بھیجنا چاہئے، انہوں نے کہا کہ درود سرکل کے دوران اساتذہ، طالبات اور دیگر خواتین کی طرف سے کروڑوں کی تعداد میں درود بھیجا گیا اور انشاء اللہ یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا، محفل کے اختتام پر درود سرکل میں حصہ لینے والی طالبات اور خواتین میں اعزازی سرٹیفکیٹس تقسیم کئے گئے اور ملکی تعمیر و ترقی، امن و سلامتی اور امت مسلمہ کی خیر و برکت کے لئے خصوصی دعا کی گئی۔

ہڑپہ تا ساہیوال چلنے والی الیکٹرک گرین بس کے ٹائم ٹیبل میں تبدیلی کا مطالبہ، طلباء و مزدور طبقہ سفری سہولت سے محروم

ہڑپہ (منیر ساجد ارائیں سے) ہڑپہ شہر اور گردونواح کے طلباء و طالبات سمیت مزدور طبقہ نے ساہیوال تا ہڑپہ شہر چلنے والی الیکٹرک گرین بس سروس کے موجودہ ٹائم ٹیبل میں تبدیلی کا مطالبہ کر دیا شہریوں کا کہنا ہے کہ صبح کے اوقات میں بس سروس کا شیڈول طلباء اور روزانہ اجرت پر کام کرنے والے مزدوروں کی ضروریات سے ہم آہنگ نہ ہونے کے باعث متعدد افراد اس عوامی سفری سہولت سے بھرپور فائدہ اٹھانے سے قاصر ہیں تفصیلات کے مطابق ہڑپہ شہر سے صبح 15:6 اور 45:8 بجے روانہ ہونے والی الیکٹرک گرین بسوں کے اوقات طلباء و مزدور طبقے کے معمولات سے مطابقت نہ رکھنے کے باعث انہیں سفری مشکلات کا سامنا ہے طلباء کو تعلیمی اداروں میں بروقت پہنچنے جبکہ مزدوروں کو روزگار کے مقامات پر مقررہ وقت پر حاضری دینے کے لیے مناسب سفری سہولت درکار ہے عوامی و سماجی حلقوں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 12)

نمازیوں کو نشانہ بنانیوالے انسان کہلوانے کے لائق نہیں کوہاٹ میں نماز جمعہ کے دوران دھماکہ درندگی کی انتہا ہے۔ چوہدری صغیر انجم

ساہیوال (تحصیل رپورٹر) کوہاٹ پولیس لائنز میں نماز جمعہ کے دوران ہونے والے دہشت گرد حملے کی مذمت کرتے ہوئے راہ حق ویلفیئر فاؤنڈیشن کے چیئرمین چوہدری صغیر انجم نے کہا ہے کہ نمازیوں کو نشانہ بنانیوالے انسان کہلوانے کے لائق نہیں کوہاٹ میں نماز جمعہ کے دوران دھماکہ درندگی کی انتہا ہے، خودکش بمبار سمیت سات دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں معصوم شہریوں اور پولیس اہلکاروں کو نشانہ بنانا بزدلی اور سفاکیت کی مثال ہے، دہشت گرد خون بہا کر پاکستانیوں کے حوصلے پست نہیں کر سکتے، حملے میں جاں بحق افراد کا خون رائیگاں نہیں جائے گا اور دہشت گردوں کو قانون کے مطابق انجام تک پہنچایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ دھماکے میں زخمی ہونے والوں کی فوری مدد کی جائے جمعہ کے مقدس روز انسانی جانوں سے کھیلنے والے کسی رو رعایت (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 22)

پتوکی اور گردونواح میں کمسن بچوں سے جبری مشقت کا سلسلہ نہ رک سکا

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی اور گردونواح میں کمسن بچوں سے جبری مشقت کا سلسلہ نہ رک سکا تفصیلات کے مطابق حکومت کی طرف بچوں سے جبری مشقت لینے پر پابندی کے باوجود کھلم کھلا خلاف ورزیوں کا سلسلہ جاری ہے کم عمر بچے سکول جانے کی بجائے ہوٹلوں بیکریوں ورکشاپوں اور بھٹوں اور دیگر مقامات پر کام پر مجبور ہیں مگر چائلڈ پروٹیکشن کا عملہ حقائق کا علم ہونے کے باوجود مسلسل چشم پوشی کا مظاہرہ کر رہا ہے اور خاص طور پر موٹر سائیکل ورکشاپس جوس کارنر سروس اسٹیشنوں اور خراد مشینوں پر بھی بچوں سے جبری مشقت کروائی جا رہی ہے۔ حالانکہ ان معصوم بچوں کے ہاتھوں میں قلم اور کتاب ہونی چاہیے تھی والدین بھی چند ٹکوں کے لالچ کی وجہ سے اپنے بچوں سے کام کروا رہے ہیں جو کہ سراسر زیادتی اور ناانصافی ہے، عوامی سماجی حلقوں اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب اور ڈپٹی کمشنر قصور سے مطالبہ کیا ہے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 21)

سیالکوٹ ہیڈ مرالہ کے علاقہ جھلکی میں محبان ولی العصر پاکستان کا اہم اجلاس، منعقد ہوا اجلاس میں عہدیداران کا انتخاب کیا گیا

اوکاڑہ پولیس تھانہ راوی کی منشیات فروشوں کیخلاف بڑی کارروائی

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ پولیس تھانہ راوی کی منشیات فروشوں کیخلاف بڑی کارروائی ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اوکاڑہ کے احکامات کی روشنی میں سید زاہد حسین شاہ SDPO/DSP صدر سرکل کی زیر نگرانی طاہر بشیر وٹو SHO/SI تھانہ راوی نے اپنی ٹیم عبدالرؤف SI کیہمراہ منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے منشیات فروش یعقوب ولد شہادت قوم دیندار سکنہ پاماں بالا سے 1200 گرام چرس برآمد کر کے مقدمہ نمبر 431/26 جرم (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 13)

سانگلہ ہل سوئی گیس کی بندش اور لو پریشر نے عوامی زندگی اجیرن بنا دی، شہری

سانگلہ ہل (عمر حیات کانواں) سانگلہ ہل شہر اور گردونواح میں سوئی گیس کی بندش اور انتہائی کم پریشر نے شہریوں کی زندگی شدید متاثر کر دی ہے۔ گھریلو ایندھن استعمال کرنے والوں پر اضافی مالی بوجھ بڑھ گیا ہے۔ علاقہ مکینوں کے مطابق بارہا شکایات کے باوجود سوئی گیس حکام نے تاحال کوئی عملی قدم نہیں اٹھایا اور

صارفین کے مطابق صبح اور شام کے اوقات میں کھانا پکانا بھی مشکل ہو چکا ہے جبکہ گیس کی عدم دستیابی سے متبادل ذمہ داران کی مبینہ عدم دلچسپی کے باعث عوام شدید پریشانی اور مشکلات (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 14)

ساہیوال ڈویژن میں سالانہ ترقیاتی پروگرام کا جائزہ اجلاس منعقد

ساہیوال (تحصیل رپورٹر) کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل کی زیر صدارت سالانہ ترقیاتی پروگرام 2026-27 کے پہلے سہ ماہی جائزے کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈویژن میں جاری ترقیاتی اسکیموں، نئی اسکیموں اور ان پر ہونے والے شریک ہوئے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ ساہیوال ڈویژن میں سالانہ ترقیاتی پروگرام 2026-27 کے تحت مجموعی طور پر 244 اسکیمیں شامل ہیں، جن کی مجموعی لاگت 113 ارب 77 کروڑ 80 لاکھ روپے ہے۔ ان اسکیموں میں 241 جاری جبکہ 3 نئی اسکیمیں شامل ہیں۔ جاری اسکیموں کی مجموعی لاگت 93 ارب 55 کروڑ روپے ہے، جبکہ رواں مالی سال کے لیے ان اسکیموں کی مد میں 10 ارب 36 کروڑ 50 لاکھ روپے مختص کیے گئے ہیں۔ اب تک 5 ارب 12 کروڑ 20 لاکھ روپے جاری جبکہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 15)

"ڈرگ فری پنجاب" کے تحت منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن "ڈرگ فری پنجاب" کے تحت منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ایس ایچ او تھانہ رجوعہ سب انسپکٹر مدثر شہباز نے ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے قبرستان رجوعہ سادات سے منشیات فروش ملزم کو گرفتار کر لیا جس کے قبضہ سے 1600 گرام چرس برآمد ہوئی۔

سیالکوٹ ہیڈ مرالہ کے علاقہ جھلکی میں محبان ولی العصر پاکستان کا اہم اجلاس، منعقد ہوا اجلاس میں عہدیداران کا انتخاب

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں ٹکا سے) سیالکوٹ ہیڈ مرالہ کے علاقہ جھلکی میں محبان ولی العصر پاکستان کا اہم اجلاس، منعقد ہوا

Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
روزنامہ سحر لاہور
چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

سول جج آصف علی نے 40 سال پرانے جائیداد کے مقدمات نمٹا دیے

سول جج درجہ اول آصف علی نے پنجاب کی تاریخ کے سب سے پرانے مقدمے جو تقریباً چار دہائیوں سے زیرِ سماعت تھے کا فیصلہ سناتے ہوئے دونوں دعوے ڈگری کر دیے، جس سے طویل عرصے سے جاری جائیداد کے تنازع کا عدالتی طور پر فیصلہ ہو گیا

شیخوپورہ (نمائندہ کورٹس رانا ثناء اللہ سے) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ محترمہ عالیہ نیلم کی ہدایت پر قائم ماڈل کورٹس کے زیرِ التوا مقدمات کے تیز رفتار فیصلوں کا سلسلہ جاری ہے۔ ماڈل ٹرائل کورٹ شیخوپورہ کے سول جج درجہ اول آصف علی نے پنجاب کی تاریخ کے سب سے پرانے مقدمے جو تقریباً چار دہائیوں سے زیرِ سماعت تھے کا فیصلہ سناتے ہوئے دونوں دعوے ڈگری کر دیے، جس سے طویل عرصے سے جاری جائیداد کے تنازع کا عدالتی طور پر فیصلہ ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق دونوں مقدمات (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 24)

چنیوٹ: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل واثق عباس ہرل اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی اور چوری کی متعدد وارداتوں میں مبینہ طور پر ملوث پانچ رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) تھانہ ڈھلیانہ پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی اور چوری کی متعدد وارداتوں میں مبینہ طور پر ملوث پانچ رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا۔ کارروائی ایس ایچ او تھانہ ڈھلیانہ عظمت نسیم کی سربراہی میں عمل میں لائی گئی۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان میں گینگ کا سرغنہ آصف جبکہ مظہر، سخاوت، ابوبکر اور راشد شامل ہیں۔ پولیس نے گرفتار ملزمان (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 23)

چنیوٹ: ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان مختلف علاقوں کا وزٹ کرتے ہوئے

ایف آئی اے گوجرانوالہ زون کی کارروائیاں، انسانی اسمگلنگ کے مقدمات میں 7 ملزمان گرفتار

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) ایف آئی اے گوجرانوالہ زون کی کارروائیاں، انسانی اسمگلنگ کے مقدمات میں 7 ملزمان گرفتار۔ ڈائریکٹر زون محمد بن اشرف کی ہدایات پہ تین روز میں گوجرانوالہ، گجرات اور سیالکوٹ سرکلز میں انسانی اسمگلنگ کے خلاف کارروائیاں کی گئیں۔ اور سات ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا ہے ان ملزمان میں سہیل شفقت، کلیم اللہ، فہیم احمد قریشی، (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 25)

نادرا کی جانب سے شہریوں کی سہولت کے لیے نادرا دفتر وزیر آباد میں ون ونڈو کاؤنٹر قائم کر دیا گیا

وزیر آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر مہر عبدالصمد) نادرا کی جانب سے شہریوں کی سہولت کے لیے نادرا دفتر وزیر آباد میں ون ونڈو کاؤنٹر قائم کر دیا گیا، جس سے شہریوں کو شناختی دستاویزات سے متعلق مختلف امور کے لیے شہر سے دور جی ٹی روڈ پر واقع نادرا دفتر جانے کی زحمت سے نجات ملے گی۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ جی ٹی روڈ پر قائم نادرا دفتر میں رش اور دیگر وجوہات کے باعث (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 26)

گھریلو ناچاکی سے دلبرداشتہ دو بچوں کے باپ نے نہر اپر چناب میں چھلانگ لگا دی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) گھریلو ناچاکی سے دلبرداشتہ دو بچوں کے باپ نے نہر اپر چناب میں چھلانگ لگا دی، تفصیلات کے مطابق سمبڑیال کے قریب گھریلو ناچاکی سے دلبرداشتہ 31 سالہ زوہیب نے نہر اپر چناب کے پل سے چھلانگ لگا کر خودکشی کر لی۔ عینی شاہدین کے مطابق دو بچوں کا باپ محلہ ناصر روڈ کے رہائشی 31 سالہ زوہیب رکشے میں سوار کر جا رہا تھا کہ اس نے اچانک نہر اپر چناب کے پل پر رکشہ رکوا کر نہر میں چھلانگ لگا دی۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی متعلقہ پولیس اور ریسکیو 1122 کی ٹیمیں فوری طور پر موقع پر پہنچ گئیں۔ ریسکیو 1122 کے اہلکاروں نے نہر میں ڈوبنے والے شخص کی نعش نکالنے کے لیے تلاش کا آپریشن شروع کر دیا ہے۔

ہونہار طالب علم محمد حسان مدثر نے اس سال ایف ایس سی میڈیکل میں گوجرانوالہ بورڈ کی طرف سے 1142 نمبر حاصل کر کے نمایاں پوزیشن حاصل کی

گکھڑ منڈی (نامہ نگار) ماشاء اللہ شہر گکھڑ منڈی کے ہونہار طالب علم محمد حسان مدثر نے اس سال ایف ایس سی میڈیکل میں گوجرانوالہ بورڈ کی طرف سے 1142 نمبر حاصل کر کے نمایاں پوزیشن حاصل کی وہ پنجاب کالج میں دوسری اور ضلع وزیر آباد میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے میں کامیاب رہا اس نے میٹرک کے امتحان میں بھی گوجرانوالہ بورڈ میں چوتھی پوزیشن حاصل کی تھی اور اپنی اسی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے اس نے ایف ایس سی میں بھی نمایاں مقام حاصل کیا اور وہ اب باقاعدہ میڈیکل کالج میں ایم بی بی ایس کرنے کے خواب کو شرمندہ تعبیر کے لیے مصروف عمل ہونے کا ارادہ رکھتا ہے محمد حسان مدثر پاکستان مسلم لیگ کے ممتاز رہنماء اور سابق کونسلر مدثر قادر صباح کا صاحبزادہ ہے اور تعلیم کی دنیا میں بہت بڑے نام صافی محمد شریف مرحوم کا پڑپوتا ہے ہماری دعا ہے کہ اللہ کریم اسے اس کے نیک اور پاکیزہ زندگی میں تعلیمی میدان میں مزید کامیابیوں سے سرفراز فرمائے رزلٹ کا اعلان ہوتے ہی مبارکباد دینے والوں کا تانتا بندھا ہوا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 27)

سیالکوٹ سے کارگو کی نقل و حرکت کی بندش، سرجیکل انڈسٹری کو شدید پریشانی کا سامنا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سیالکوٹ سے کارگو کی نقل و حرکت کی بندش، سرجیکل انڈسٹری کو شدید پریشانی کا سامنا۔ سرجیکل انسٹرومنٹس مینوفیکچررز ایسوسی ایشن آف پاکستان نے سیالکوٹ سے ڈرائی پورٹ اور دیگر ذرائع کے ذریعے کارگو کی نقل و حرکت کی بندش پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اس صورتحال کے باعث برآمدی سرگرمیاں شدید متاثر ہو رہی ہیں، جبکہ صنعتکاروں کو اپنے برآمدی آرڈرز بروقت روانہ کرنے میں مشکلات کا سامنا ہے۔ چیئرمین ذیشان طارق نے کہا کہ سرجیکل انڈسٹری مکمل طور پر برآمدات سے منسلک ہے اور کارگو کی نقل و حرکت میں رکاوٹ کے باعث متعدد برآمدی آرڈرز متاثر ہو رہے ہیں، جبکہ بعض آرڈرز کی منسوخی کی اطلاعات بھی سامنے آ رہی ہیں۔ اس صورتحال سے صنعت کو شدید مالی نقصان کے ساتھ ساتھ بین الاقوامی خریداروں کے اعتماد اور مستقبل کے کاروباری آرڈرز کو بھی نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔ چیئرمین نے تمام متعلقہ احباب اور فریقین سے تحمل، بردباری اور باہمی تعاون سے کام لینے کی اپیل کی اور متعلقہ اداروں سے پُرزور درخواست کی کہ سیالکوٹ سے کارگو اور برآمدی سامان کی بلاتعطل نقل و حرکت کو یقینی بنایا جائے، تاکہ صنعت کے کاروباری معاملات جاری رہ سکیں۔

ننکانہ صاحب: گلشن کاٹن ملز میں اچانک آگ بھڑک اٹھی، ریسکیو 1122 نے قابو پا لیا

ننکانہ صاحب (نمائندہ روز نامہ سحر) وار برٹن فیروز وٹواں روڈ پر چاندی کوٹ کے قریب گلشن کاٹن ملز میں اچانک آگ بھڑک اٹھی، اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی فائر فائٹنگ ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور آگ بجھانے کے لیے فوری کارروائی شروع کر دی۔ ریسکیو 1122 کے مطابق فائر فائٹرز نے مسلسل جدوجہد کے بعد آگ پر قابو پا لیا، جبکہ کولنگ کا عمل جاری رکھا گیا تاکہ دوبارہ آگ بھڑکنے کا خدشہ ختم کیا جا سکے۔ ریسکیو آپریشن کی نگرانی ڈسٹرکٹ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 28)

لڑائی جھگڑے کے واقعے میں ماں بیٹی سمیت تین خواتین کو بدترین تشدد کا نشانہ بنا دیا گیا

کاموکے (تحصیل رپورٹر) لڑائی جھگڑے کے واقعے میں ماں بیٹی سمیت تین خواتین کو بدترین تشدد کا نشانہ بنا دیا۔ بتایا گیا ہے کہ نواحی گاؤں منہیس کی اقراء فیکٹری سے چھٹی کے بعد گھر جا رہی تھی کہ سابقہ خاوند شبیر نے جی ٹی روڈ میں بازار کے قریب روک کر زبردستی ساتھ لیجانے کی کوشش کی جبکہ خاتون کے انکار پر شبیر نے اُسے بدترین تشدد کا نشانہ بنایا اور دس ہزار روپے چھین کر لے گیا۔ جبکہ ادھار دیئے اُنیس لاکھ روپے کی رقم واپس مانگنے پر صدیق کالونی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 30)

شجرکاری ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے، ماحول کو سرسبز و خوبصورت بنانے اور صحت مند معاشرے کے قیام کے لیے انتہائی اہم ہے۔ سید محمد عباس شاہ

بہاولنگر (بیورو رپورٹ) شجرکاری ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے، ماحول کو سرسبز و خوبصورت بنانے اور صحت مند معاشرے کے قیام کے لیے انتہائی اہم ہے۔ سید محمد عباس شاہ۔ ڈپٹی کمشنر سید محمد عباس شاہ نے شہر کے اطراف نہر کے ساتھ سرکاری اراضی پر مختلف اقسام کے پودے لگا کر شجرکاری مہم کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر اے ڈی سی جی انفور سمنٹ مہر غلام عباس اور اسسٹنٹ کمشنر، متعلقہ محکموں کے افسران، سکول کے طلبہ اور شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی اور شجرکاری مہم میں بھرپور حصہ لیتے ہوئے پودے لگائے۔ ڈپٹی کمشنر سید محمد عباس شاہ نے کہا کہ شجرکاری ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے، ماحول کو سرسبز و خوبصورت بنانے اور صحت مند معاشرے کے قیام کے لیے انتہائی اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق زیادہ سے زیادہ پودے لگانے کے ساتھ ساتھ ان کی مناسب دیکھ بھال اور حفاظت بھی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے طلبہ اور شہریوں پر زور دیا کہ وہ شجرکاری مہم میں بڑھ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 29)

بہاولنگر: ڈپٹی کمشنر سید محمد عباس شاہ شہر کے اطراف نہر کے ساتھ سرکاری اراضی پر مختلف اقسام کے پودے لگا کر شجرکاری مہم کا افتتاح کرتے ہوئے

جڑانوالہ: ماڈل ٹاؤن میں دن دیہاڑے ڈکیتی، عبدالرحمٰن سیال پسٹل کے بٹ لگنے سے شدید زخمی گھر بھی محفوظ نہ رہے

جڑانوالہ (تحصیل رپورٹر) جڑانوالہ: ماڈل ٹاؤن میں دن دیہاڑے ڈکیتی، عبدالرحمٰن سیال پسٹل کے بٹ لگنے سے شدید زخمی گھر بھی محفوظ نہ رہے، واردات نے ماڈل ٹاؤن کی سیکورٹی پر سوال اٹھا دیے مسلح ڈاکو نقدی، طلائی زیورات، قیمتی گھڑیاں اور دیگر سامان لوٹ کر فرار، راحیل قریشی کی ہنگامی پریس کانفرنس، ملزمان کی فوری گرفتاری اور سیکورٹی فراہم کرنے کا مطالبہ۔ لاہور ایف بلاک ماڈل ٹاؤن میں سابق ایگزیکٹو ممبر ماڈل ٹاؤن سوسائٹی عبدالرحمٰن سیال کی رہائش گاہ پر دن دیہاڑے مسلح ڈکیتی کی واردات نے شہریوں میں تشویش کی لہر دوڑا دی۔ مسلح ڈاکو گھر میں داخل ہو کر نقدی، طلائی زیورات، قیمتی گھڑیاں اور دیگر قیمتی سامان لوٹ کر فرار ہو گئے، جبکہ دورانِ واردات عبدالرحمٰن سیال کو پسٹل کے بٹ مار مار کر آنکھ کے قریب شدید زخمی کر دیا۔ ذرائع کے مطابق مسلح ملزمان نے رہائش گاہ میں داخل ہو کر اہلِ خانہ کو اسلحہ کے زور پر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 31)

بدنام زمانہ منشیات فروش ملزم سے 1760 گرام چرس برآمد مقدمہ درج

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) تھانہ سول لائن سب انسپکٹر اسد کی منشیات فروش کے خلاف کارروائی بدنام زمانہ منشیات فروش ملزم سے 1760 گرام چرس برآمد مقدمہ درج۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کیپٹن ریٹائرڈ دوست محمد کی ہدایت ڈی ایس پی سٹی کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ سول لائن کی قیادت میں سب انسپکٹر اسد نے مخبر کی اطلاع پر دوران ناکہ بندی مشکوک موٹر سائیکل سوار کو روکنے کی کوشش کی۔

محکمہ اینٹی کرپشن کے چھاپے اور افسران کو ملازمین کی معطلی کے بعد ڈسکہ شہر میں ریونیو آفس میں کام بند

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) محکمہ اینٹی کرپشن کے چھاپے اور افسران کو ملازمین کی معطلی کے بعد ڈسکہ شہر میں ریونیو آفس میں کام بند، تحصیلدار نہ ہونے کی وجہ سے رجسٹری کروانے کے لئے شہری اور ڈومیسائل بنوانے کیلئے طلبہ و طالبات پریشان، چند روز قبل ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق نے اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ آفس کے ہیڈ کلرک، تحصیلدار ڈسکہ کے نائب قاصد، چوکیدار، نائب تحصیلدار اور رجسٹری محرر اور اور کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن محمد علی نے نائب تحصیلدار محمود جاوید باگڑی کو معطل کیا تھا ان کی معطلی کے بعد محکمہ ریونیو کے ملازمین نے آفس سے غیر حاضر رہنا شروع کر دیا۔ محکمہ ریونیو کے ملازمین کے غیر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 32)

اوکاڑہ: ناقص پانی کی شکایات پر محکمہ فوڈ کا کارروائی میں 24 واٹر فلٹر پلانٹس سیل

ڈی ایچ او ڈاکٹر عبدالحادی کا بنیادی مرکز صحت کا دورہ، تزئین و مرمت اور تعمیر نو کے کام کا معائنہ

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) ڈی ایچ او ڈاکٹر عبدالحادی کا بنیادی مرکز صحت کا دورہ، تزئین و مرمت اور تعمیر نو کے کام کا معائنہ۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر میڈیکل سروسز، ڈاکٹر عبدالحادی نے بی ایچ یو چٹی شیخاں سیالکوٹ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ ڈائریکٹر جنرل مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن (M&EDG)، پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ مانیٹرنگ ٹیم اور محکمہ ہلڈنگز کے ایس ڈی او بھی موجود تھے۔ دورے کے دوران ٹیم نے بنیادی مرکز صحت میں جاری ری وپیمنگ، تزئین و مرمت اور تعمیر نو کے کام کا تفصیلی معائنہ کیا۔ افسران نے مختلف حصوں میں جاری تعمیراتی سرگرمیوں، کام کی پیش رفت اور تعمیراتی معیار کا جائزہ لیا۔ متعلقہ حکام نے ٹیم کو جاری منصوبے کے حوالے سے بریفنگ بھی دی۔ ڈاکٹر عبدالحادی اور مانیٹرنگ ٹیم نے ہدایت کی کہ بنیادی مرکز صحت میں جاری کام کو مزید تیز کیا جائے اور تمام تعمیراتی سرگرمیاں مقررہ معیار کے مطابق مکمل کی جائیں۔

سرکاری سکولوں میں تعلیمی معیار اور سہولیات کی براہِ راست نگرانی کیلئے ڈپٹی کمشنر آصف رضا کا گورنمنٹ بوائز ہائی سکول کالونی ایریا کا اچانک معائنہ

پاکپتن (نامہ نگار) سرکاری سکولوں میں تعلیمی معیار اور سہولیات کی براہِ راست نگرانی کیلئے ڈپٹی کمشنر آصف رضا کا گورنمنٹ بوائز ہائی سکول کالونی ایریا کا اچانک معائنہ، تدریسی سرگرمیوں، طلبہ و اساتذہ کی حاضری، صفائی اور انتظامی امور کا جائزہ، ڈپٹی کمشنر آصف رضا نے کہا کہ طلبہ کو معیاری تعلیم اور سازگار تعلیمی ماحول کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے تعلیمی اداروں کی فیلڈ مانیٹرنگ مزید مؤثر بنائی جائے، ڈپٹی کمشنر نے مختلف کلاس رومز کا دورہ کیا اور طلبہ سے تدریسی سرگرمیوں، پڑھائی اور تعلیمی سہولیات بارے براہِ راست استفسار کیا، انہوں نے سکول ریکارڈ، طلبہ و اساتذہ کی حاضری اور صفائی کی صورتحال کا بھی معائنہ کیا، ڈپٹی کمشنر آصف رضا نے سکول انتظامیہ کو ہدایت کی کہ طلبہ کی باقاعدہ حاضری، معیاری تدریس، صفائی اور تعلیمی سرگرمیوں کا مؤثر تسلسل یقینی بنایا جائے، انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق سرکاری سکولوں میں بہتر تعلیمی ماحول اور سروس ڈیلیوری کیلئے فیلڈ مانیٹرنگ جاری رکھی جائے گی۔

محکمہ تحفظ ماحولیات سیالکوٹ نے اینٹی سموگ مہم کے تحت ہوٹلز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے سکشن ہڈز نصب نہ کرنے پر چھ ہوٹلز کو سربمہر کر دیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سموگ اور فضائی آلودگی پر قابو پانے کیلئے محکمہ تحفظ ماحولیات سیالکوٹ نے اینٹی سموگ مہم کے تحت ہوٹلز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے سکشن ہڈز نصب نہ کرنے پر چھ ہوٹلز کو سربمہر کر دیا۔ محکمہ تحفظ ماحولیات کی ٹیموں نے خادم علی روڈ، لاری اڈا، شہاب پورہ روڈ اور ڈیفنس روڈ پر کارروائی کی۔ سربمہر کئے جانے والے ہوٹلز میں خادم علی روڈ پر سیالکوٹ گرل اور عمر چرغہ، ڈیفنس روڈ پر کبابش بی کیو اور ایوان لذت، لاری اڈا پر سپین غرشنواری جبکہ شہاب پورہ روڈ پر بٹ کڑاہی شامل ہیں۔ محکمہ تحفظ ماحولیات سیالکوٹ کے مطابق مذکورہ ہوٹلز کو پہلے ہی سکشن ہڈز نصب کرنے کیلئے ایک ہفتے کے نوٹس جاری کئے گئے تھے، تاہم مقررہ مدت کے دوران ماحولیاتی تقاضوں پر عملدرآمد نہ کرنے پر کارروائی عمل میں لائی گئی۔ محکمہ تحفظ ماحولیات کی جانب سے واضح کیا گیا ہے کہ سموگ کی روک (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 33)

شورکوٹ کی سماجی شخصیت حاجی نور محمد سپرا بقضائے الٰہی انتقال کر گئے

شورکوٹ (محمد آصف ندیم) شورکوٹ کے نواحی علاقہ چک نمبر 498 کے رہائشی سماجی کارکن مہر عبدالشکور سپرا کے والد محترم، عنصر رمضان سپرا کے چچا جان سماجی شخصیت حاجی نور محمد سپرا انتقال کر گئے جن کی نماز جنازہ ان کی رہائش گاہ ٹوبہ روڈ کھانوالا پر ادا کر دی گئی نماز جنازہ میں سیاسی و سماجی شخصیات سابق ایم پی اے خالد غنی چوہدری، میاں حاکم کاٹھیہ، نواب رضا خان ڈب، میاں امان اللہ کاٹھیہ، میاں اورنگزیب کاٹھیہ، عون شیرازی، صدر شورکوٹ پریس کلب رانا شاہد محمود، چیئرمین رائے ایاز اکبر، فنانس سیکرٹری شورکوٹ پریس کلب رانا محمد شبیر، ممبر پریس کلب سردار قاسم علی، آصف چوہان، محمد عمران بٹ، فاروق بلوچ، محمد وقاص قمر، انجمن تاجران شورکوٹ کے صدر محمد یوسف جھنگوی، سینئر نائب صدر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 36)



عوام کو ریلیف دینا حکومت کی اولین ترجیح، ملک کو انتشار نہیں استحکام کی ضرورت ہے، ملک راشد پرویز اعوان

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں ٹکا سے) عوام کو ریلیف دینا حکومت کی اولین ترجیح، ملک کو انتشار نہیں استحکام کی ضرورت ہے ملک راشد پرویز اعوان سیالکوٹ مسلم لیگ (ن) ایگزیکٹو کمیٹی سعودی عرب کے رکن ملک راشد پرویز اعوان نے کہا ہے کہ وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف کی قیادت میں حکومت عوام کو پٹرولیم مصنوعات میں ریلیف فراہم کرنے اور معاشی مشکلات کم کرنے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ موجودہ حالات میں حکومت کی توجہ عوام کو ریلیف دینے، معیشت کو مستحکم کرنے اور ملکی مفاد کے تحفظ پر مرکوز ہے۔ ملک راشد (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 34)

کھاریاں بار الیکشن، الائنس گروپ نے صدر کیلئے چوہدری محوب علی ڈھولہ ایڈووکیٹ، جنرل سیکرٹری کے لئے چوہدری عمیر ساجد ایڈووکیٹ اور نایاب صدر کے لئے آصف رفیق لون کا اعلان کر دیا

لالہ موسیٰ (بیورو چیف کھاریاں) کھاریاں بار الیکشن، الائنس گروپ نے صدر ایڈووکیٹ، جنرل سیکرٹری کے لئے چوہدری عمیر ساجد ایڈووکیٹ اور نایاب صدر کے لئے چوہدری محوب علی ڈھولہ ایڈووکیٹ کا اعلان کر دیا۔

ڈسکہ شہر و گرد و نواح میں قائم مارکیز، میرج ہالوں میں ون ڈش کی خلاف ورزی

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) ڈسکہ شہر و گرد و نواح میں قائم مارکیز، میرج ہالوں میں ون ڈش کی خلاف ورزی، تقریبات میں مختلف ڈشز سے مہمانوں کی تواضع، شہریوں کا سخت کارروائی کا مطالبہ، ڈسکہ شہر و گرد و نواح میں قائم میرج ہالز اور مارکیز پر ون ڈش کی خلاف ورزی عروج پر پہنچ گئی، انتظامیہ خاموش تماشائی بن گئی۔ ڈسکہ شہر و گرد و نواح میں قائم میرج ہالز پر روزانہ کی بنیاد پر ون ڈش کی پابندی کی خلاف ورزی کی جا رہی ہے اور روزانہ کی بنیاد پر میرج ہال انتظامیہ کئی ڈشز سے مہمانوں کی تواضع کرتی ہیں۔ پنجاب حکومت کے احکامات سر عام ہوا میں اڑائے جا رہے ہیں۔ شہریوں نے انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 37)

بانی چیئرمین عمران خان کی بہن علیمہ خان دیگر کارکنوں کی گرفتاریوں کی شدید مذمت کرتے ہیں، خواجہ عاطف رضا پاشی

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) پاکستان تحریک انصاف ڈسکہ کے رہنما و سابق چیئرمین بلدیہ ڈسکہ خواجہ عاطف رضا پاشی نے کہا ہے کہ بانی چیئرمین عمران خان کی بہن علیمہ خان دیگر کارکنوں کی گرفتاریوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ حکمران جماعت پی ٹی آئی کے لانگ مارچ کی کال سے خوفزدہ ہیں اور انکی نیندیں حرام ہو چکی ہیں جبکہ انہیں اپنے اقتدار کا سورج بھی غروب ہوتا نظر آ رہا ہے اسی خوف کے باعث حکومت کی جانب سے سیاسی کارکنوں کو دبانے اور لانگ مارچ کی راہ میں رکاوٹیں کھڑی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 39)

جی سی ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ میں انٹرمیڈیٹ کے نئے تعلیمی سال کا آغاز، تقریباً 700 طالبات کا استقبال

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) جی سی ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ میں انٹرمیڈیٹ کے نئے تعلیمی سال کا آغاز، تقریباً 700 طالبات کا استقبال، گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ میں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 38)

ڈسکہ: انجمن خدمت خلق رجسٹرڈ کے ماہانہ اجلاس کے مناظر

پاکستان سعودی عرب اور ترکی کے مابین طے پانے والا عظیم اور تاریخی دفاعی معاہدہ امت مسلمہ کے لیے غیر معمولی خوشخبری ہے، محمد راشد رشید

پاکپتن (نامہ نگار) معروف کاروباری شخصیت مسلم لیگ (ن) ضلع پاکپتن کے سینئر نائب صدر محمد راشد رشید اجمیری نے کہا ہے کہ پاکستان سعودی عرب اور ترکی کے مابین طے پانے والا عظیم اور تاریخی دفاعی معاہدہ امت مسلمہ کے لیے غیر معمولی خوشخبری اور ایمان افروز پیشرفت ہے یہ معاہدہ نہ صرف تینوں برادرز اسلامی ممالک کے درمیان دیرینہ تعلقات کو نئی بلندیوں تک لے جائے گا بلکہ پوری امت کے اتحاد تحفظ اور استحکام کا روشن مینار ثابت ہوگا پاکستان سعودی عرب اور ترکی کا تاریخی دفاعی معاہدہ خوش آئندہ ہے تمام اسلامی ممالک کے مابین دفاعی تعاون اور ایک مضبوط دفاعی اتحاد وقت کی ضرورت ہے اللہ تعالیٰ امت مسلمہ کو ایک حقیقی اور معنوں میں ملت واحد بنائے، پاکستان سعودی عرب اور ترکی کے درمیان ایک نیا تاریخی معاہدہ طیب پایا گیا ہے، یہ معاہدہ صرف عسکری یا دفاعی نہیں بلکہ تینوں ممالک کے تعلقات کو ایک نئی جہد دینے والا سنگ میل ہے پاکستان کو یہ اعزاز حاصل ہوا ہے کہ مکہ مکرمہ مدینہ منورہ اور ترکی کی حفاظت کی ذمہ داری بھی اس کی حصے میں ائی ہے پاکستان ترکی اور سعودی عرب اب ایک دوسرے کے شانہ بشانہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 44)

سعودی عرب کی جغرافیائی سرحدوں، حرمین شریفین اور مقدسات کی حفاظت کیلئے پوری امت مسلمہ اور بالخصوص پاکستان کے عوام یکجاں اور سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہے، چوہدری ابرار اقبال

پاکپتن (نامہ نگار) ابرار آٹوز ساہیوال روڈ پاکپتن کے چیف ایگزیکٹو نوجوان قانون دان چوہدری ابرار اقبال ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ سعودی عرب کی جغرافیائی سرحدوں، حرمین شریفین اور مقدسات کی حفاظت کیلئے پوری امت مسلمہ اور بالخصوص پاکستان کے عوام یکجاں اور سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی مانند کھڑے ہیں، حرمین شریفین کی سلامتی، بقا اور تقدس پر کسی بھی قسم کی جارحیت، نازیبا اقدام یا ناپاک جسارت کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائیگا امت مسلمہ کیلئے حرمین شریفین کا تحفظ، دفاع اور احترام ایمان کا بنیادی حصہ ہے، مقدس مقامات اور سعودی عرب کی شہری آبادیوں کو نشانہ بنانے جیسے بزدلانہ اقدامات سے دنیا بھر کے اربوں مسلمانوں کے جذبات شدید مجروح ہوتے ہیں، اس طرح کی مذموم کارروائیاں نا صرف بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی ہیں بلکہ عالمِ اسلام کے امن کو تباہ کرنے کی گہری سازش کا حصہ ہیں، انہوں نے عالمی برادری اور امتِ مسلمہ کے رہنماؤں پر زور دیا کہ وہ حوثی باغیوں کی اس نوعیت کی جارحانہ کارروائیوں کا سخت نوٹس لیں اور حرمین شریفین کے احترام و سلامتی کو یقینی بنانے کیلئے اپنا مؤثر کردار ادا کریں، (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 43)

گوجرانوالا بورڈ میں ICS گروپ میں مناہل محمود دختر محمود احمد ڈوگر نے گوجرانوالا بورڈ میں 1200 نمبروں سے 1139 نمبر حاصل کر لئے

نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر گوجرانوالا بورڈ نے انٹرمیڈیٹ سالانہ امتحان 2026 کا اعلان کر دیا گوجرانوالا بورڈ میں ICS گروپ میں مناہل محمود دختر محمود احمد ڈوگر نے گوجرانوالا بورڈ میں 1200 نمبروں سے 1139 نمبر حاصل کر کے تیسری پوزیشن اپنے نام کر لی ہونہار طلبہ نے 1139 نمبر حاصل کر کے اپنے کالج۔ علاقے اور اپنے خاندان کا نام روشن کر دیا ھے ٹیچرز اور اہل علاقہ میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہونہار طالبہ کی بورڈ میں واضح تیسری پوزیشن حاصل کرنے پر اہل علاقہ نے ٹیچرز اور اہل خانہ کو مبارکباد دی اور ہونہار طلبہ کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا

ممتاز صحافی کالم نگار صائمہ صابری اور ابرار حسین صابری کی والدہ کے انتقال پر مرکزی پریس کلب شیر گڑھ کا تعزیتی اجلاس

شیر گڑھ (نمائندہ خصوصی) ممتاز صحافی و کالم نگار محترمہ صائمہ صابری اور سماجی رہنما ابرار حسین صابری کی والدہ محترمہ کے انتقال پر مرکزی پریس کلب (رجسٹرڈ) شیر گڑھ کا ایک تعزیتی اجلاس ڈسٹرکٹ یونین آف جرنلسٹس اوکاڑہ کے ضلعی چیئرمین عمران زاہد کھوکھر کی صدارت میں منعقد ہوا، جس میں مرحومہ کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی گئی۔

Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
روزنامہ سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

حدیثِ مبارکہ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روائیت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مومن نہ تو طعنہ دینے والا ہوتا ہے 'نہ لعنت کرنے والا' نہ فحش گو اور نہ زبان دراز۔ ..... (جامع ترمذی)

خاموشی کے پیچھے کا شور: ہر مسکراتا ہوا چہرہ خوش کیوں نہیں ہوتا؟

قمر اویس صابری

دنیا کو ہنسانا اور خود اندر سے ٹوٹے رہنا، آج کے دور کا ایک ایسا خاموش روگ ہے جو معاشرے کی رگوں میں زہر کی طرح پھیل رہا ہے۔ ہم روزانہ سیکڑوں ایسے چہروں سے گزرتے ہیں جو لبوں پر مسکراہٹ سجائے، زندگی کی دوڑ میں مصروف نظر آتے ہیں۔ ان کی آنکھوں میں ایک چمک ہوتی ہے اور باتوں میں ظاہری شادابی، لیکن کیا کبھی ہم نے سوچا ہے کہ اس ظاہری رونق اور خاموشی کے پیچھے درد کا کیسا طوفان مچ رہا ہوتا ہے؟ ہر مسکراتا ہوا چہرہ اس بات کی ضمانت نہیں ہوتا کہ اس کے پچھلے مکین کا دل بھی مطمئن اور شاداب ہے۔

انسانی نفسیات میں اس کیفیت کو "سائلنٹ ڈپریشن" یعنی ہنستا ہوا اکیلا پن کہا جاتا ہے۔ یہ وہ حالت ہے جہاں انسان اپنے شدید ترین اندرونی اضطراب، اداسی اور ٹوٹ پھوٹ کو ایک خوبصورت مسکراہٹ کے نقاب کے پیچھے چھپا لیتا ہے۔ وہ لوگوں کے سامنے اس لیے ہنستا ہے کہ اسے معاشرے کے روایتی سوالات کا سامنا نہ کرنا پڑے، یا وہ کسی کے لیے بوجھ بننا پسند نہیں کرتا۔ المیہ یہ ہے کہ جو لوگ دوسروں کے غم بانٹتے اور ان کے چہروں پر خوشیاں بکھیرنے میں سب سے آگے ہوتے ہیں، اکثر اپنے کمرے کے تنہا کونے میں سب سے زیادہ اکیلے اور لاچار ہوتے ہیں۔

اس خاموش شور کی سب سے بڑی وجہ ہمارا یہ بے حس معاشرہ ہے جو کمزور لمحوں کو برداشت کرنے کی سکت نہیں رکھتا۔ ہم نے خوشی کو تو کھلے دل سے قبول کر لیا ہے لیکن اداسی، تھکن اور آنسوؤں کو ایک جرم یا کمزوری سمجھ لیا ہے۔ جب بھی کوئی شخص اپنے دل کا بوجھ ہلکا کرنے کی کوشش کرتا ہے، تو اسے "مایوس" یا "کم ہمت" کا طعنہ دے دیا جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ لوگ اپنے دکھوں کا اظہار کرنے کے بجائے انہیں اندر ہی اندر گھونٹنا شروع کر دیتے ہیں۔ ہونٹوں پر مسکراہٹ کا یہ خول دراصل اس خوف کی پیداوار ہوتا ہے کہ اگر کسی نے ہماری اصلیت دیکھ لی، تو شاید وہ ہمیں اس طرح قبول نہیں کرے گا۔

کبھی کبھی سوچیں تو یہ احساس دل کو چیر دیتا ہے کہ ہمارا سب سے بڑا فریب یہ ہے کہ ہم چہرے کی ہنسی کو دل کی خوشی سمجھ بیٹھتے ہیں۔ ہمیں یہ سمجھنا ہوگا کہ کسی کی ہنسی اس کی خوشی کا حتمی ثبوت نہیں ہوتی۔ ہمیں اپنے اردگرد موجود لوگوں کے ساتھ تھوڑا مہربان ہونے کی ضرورت ہے، ان کی خاموشی کو پڑھنے کی صلاحیت پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔ جب تک ہم ایک ایسا محفوظ ماحول فراہم نہیں کریں گے جہاں لوگ بلا خوفِ تردید اپنے دل کا غبار نکال سکیں، یہ مسکراتے ہوئے چہرے اندر ہی اندر ٹوٹتے رہیں گے۔ یاد رکھیے، سب سے زیادہ گہرا شور وہ ہوتا ہے جو سنائی نہیں دیتا، اور سب سے زیادہ خطرناک اداسی وہ ہوتی ہے جو ہونٹوں کے پیچھے چھپی رہتی ہے۔

سولر انرجی، ملکی جغرافیہ اور فنون لطیفہ میں پاکستان سپر پاور ہے



پروفیسر ڈاکٹر مزمل حسین

تاریخ گواہ ہے کہ دنیا کی ہر بڑی قوم کی شناخت کسی نہ کسی خاص علم، شعبے، ہنر، وصف یا تہذیبی امتیاز سے وابستہ رہی ہے۔ یونانی فلسفہ و منطق کے حوالے سے پہچانے گئے، عربوں نے زبان، لغت، فصاحت و بلاغت میں اپنی مثال قائم کی، ہندوستان نے علمِ نجوم میں شہرت پائی، مصر نے اپنی قدیم تہذیب اور آثار سے دنیا کو متاثر کیا، ایران نے تہذیب و ثقافت کے میدان میں اپنی منفرد شناخت بنائی، چین نے تحریر و کتابت کی روایت کو عروج دیا، فرانس ثقافت، فنون اور عطریات کے حوالے سے معروف ہوا، اسپین نے سائنس اور فنون میں نام پیدا کیا، جاپان نے تاریخ، صنعت اور ٹیکنالوجی میں اپنی شناخت قائم کی، افریقی اقوام نے اتھلیٹکس میں دنیا کو حیران کیا، برازیل فٹ بال کے حوالے سے ایک عالمی علامت بن گیا اور برطانیہ نے تعلیم، شعر و ادب اور کھیل کے کئی شعبوں میں اپنی غیر معمولی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔

اسی طرح دنیا کے مختلف خطوں اور قوموں نے کرکٹ، ہاکی، فٹ بال، سکوائش، سنوکر، موسیقی، مصوری، ادب اور دوسرے شعبوں میں اپنی الگ شناخت بنائی۔ دراصل یہی امتیازات قوموں کو دوسری قوموں سے منفرد بناتے اور آنے والی نسلوں کے لیے ان کی شناخت کا مستقل حوالہ بنتے ہیں۔

اگر اس تناظر میں پاکستان کو دیکھا جائے تو یہ ملک بھی کئی حوالوں سے غیر معمولی صلاحیتوں اور امکانات کا حامل ہے۔ کھیلوں کے میدان ہوں یا سائنس کی دنیا، پاکستان نے ایسے کارنامے انجام دیے ہیں جنھوں نے عالمی سطح پر ہماری شناخت قائم کی۔ ہم نے ایٹمی طاقت بن کر نہ صرف اپنی دفاعی صلاحیت ثابت کی بلکہ اسلامی دنیا میں پہلی ایٹمی طاقت ہونے کا اعزاز بھی حاصل کیا۔

ڈاکٹر عبدالسلام نے سائنس کے میدان میں نوبل انعام حاصل کر کے پاکستانی ذہانت کا عالمی سطح پر اعتراف کرایا۔ سماجی خدمات کے میدان میں عبدالستار ایدھی اور ملالہ یوسف زئی جیسے پاکستانیوں کی خدمات کو بھی عالمی سطح پر پذیرائی ملی۔ کرکٹ، ہاکی، سکوائش اور سنوکر میں بھی پاکستان نے عالمی اعزازات اپنے نام کیے۔

لیکن میری نظر میں پاکستان کی اصل اور ابھی تک پوری طرح دریافت نہ ہونے والی طاقت تین شعبوں میں پوشیدہ ہے: پاکستان کا جغرافیہ، سولر انرجی اور پاکستانی فنونِ لطیفہ۔ اگر ہماری قیادت اور ہماری قومی منصوبہ بندی ان تین شعبوں کی حقیقی اہمیت کو سمجھ لے تو پاکستان اپنی معاشی، تہذیبی اور جغرافیائی حیثیت کو ایک نئے انداز میں دنیا کے سامنے منوا سکتا ہے۔

پاکستان کا جغرافیہ: قدرت کا عطیہ

پاکستان کا جغرافیہ اس کی سب سے بڑی قدرتی طاقتوں میں سے ایک ہے۔ دنیا کے نقشے پر نظر ڈالیں تو پاکستان ایک ایسے مقام پر واقع ہے جہاں جنوبی ایشیا، وسطی ایشیا، مغربی ایشیا اور مشرق بعید کے درمیان زمینی اور سمندری رابطے کے بے شمار امکانات پیدا ہوتے ہیں۔ وسطی ایشیائی ریاستیں، چین، ایران، بھارت، خلیجی ممالک اور بحرِ ہند کے راستے پاکستان کے جغرافیے کو غیر معمولی اہمیت دیتے ہیں۔

پاکستان کے پاس گوادر جیسی گہری سمندری بندرگاہ ہے، کراچی کی بندرگاہ ہے، چین کے ساتھ زمینی رابطہ ہے اور وسطی ایشیا تک رسائی کے امکانات ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستان محض ایک ملک نہیں بلکہ خطے کے مختلف معاشی مراکز کو باہم ملانے والا ایک اہم پل بن سکتا ہے۔

بدقسمتی سے ہم نے کئی دہائیوں تک اپنے جغرافیے کو قومی معاشی طاقت میں تبدیل کرنے کی وہ سنجیدہ اور مستقل کوشش نہیں کی جس کی ضرورت تھی۔ ہم سیاسی تنازعات، علاقائی کشمکش اور غیر ضروری صف بندیوں میں الجھتے رہے، حالانکہ ہمارے جغرافیے کا تقاضا تھا کہ ہم خطے کے ممالک کے درمیان تجارت، مواصلات اور معاشی تعاون کا مرکز بنتے۔

پاکستان اگر اپنے جغرافیے کو معاشی سفارت کاری، علاقائی تجارت، ٹرانزٹ، بندرگاہوں، ریلوے، شاہراہوں اور توانائی کے علاقائی منصوبوں سے جوڑ دے تو یہی جغرافیہ اسے ایشیا کا ایک بڑا معاشی مرکز بنا سکتا ہے۔ پاکستان کو اپنے جغرافیے کو بوجھ نہیں بلکہ قومی سرمایہ سمجھنا ہوگا۔

سولر انرجی: سورج کی روشنی میں چھپی ہوئی دولت

پاکستان کی دوسری بڑی طاقت اس کی شمسی توانائی کی بے پناہ صلاحیت ہے۔ ہمارے پاس بلوچستان سے لے کر سندھ کے تھر، پنجاب کے چولستان اور تھل تک وسیع صحرائی خطے موجود ہیں۔ ان علاقوں میں سال کے بیشتر حصے میں سورج کی روشنی وافر مقدار میں دستیاب رہتی ہے۔ یہی دھوپ اگر جدید ٹیکنالوجی، بڑے سولر پارکس، توانائی کے ذخیرے اور مضبوط ترسیلی نظام کے ساتھ استعمال کی جائے تو پاکستان کی توانائی کی ضروریات پوری کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔

پاکستان کا المیہ یہ ہے کہ ہم توانائی کے بحران پر دہائیوں سے بحث کرتے رہے، مگر سورج کی مفت اور مسلسل دستیاب توانائی کو قومی معاشی منصوبہ بندی کا بنیادی ستون نہیں بنا سکے۔

سوچیے! ہمارے پاس ایسے وسیع علاقے موجود ہیں جہاں زمین کا ایک بڑا حصہ زراعت کے لیے موزوں نہیں، لیکن سورج کی روشنی بے حساب ہے۔ اگر ان علاقوں میں بڑے پیمانے پر شمسی توانائی کے منصوبے قائم کیے جائیں، توانائی ذخیرہ کرنے کے جدید نظام متعارف کرائے جائیں اور قومی گرڈ کو جدید بنایا جائے تو ہم بجلی کی پیداوار میں ایک بڑی تبدیلی لا سکتے ہیں۔

سولر انرجی کا فائدہ صرف بجلی پیدا کرنا نہیں۔ اس سے صنعت، زراعت، آب پاشی، پانی کی فراہمی، چھوٹے کاروبار اور دیہی معیشت بھی مضبوط ہو سکتی ہے۔ تھل، چولستان، تھر اور بلوچستان کے وسیع علاقوں کو توانائی کے مراکز میں تبدیل کر کے ہم ان خطوں کی معاشی محرومی کو بھی کم کر سکتے ہیں۔

یہ قدرت کی طرف سے پاکستان کے لیے ایک ایسا تحفہ ہے جس کی قیمت ہمیں صرف اسے استعمال کر کے معلوم ہوگی۔

فنونِ لطیفہ: پاکستان کی تہذیبی سپر پاور

تیسرا میدان وہ ہے جس میں پاکستان کو شاید سب سے زیادہ نظرانداز کیا گیا ہے، اور وہ ہے فنونِ لطیفہ، شعر و ادب، موسیقی، مصوری، دستکاری اور لوک ثقافت۔

دنیا کی قومیں صرف میزائل، صنعت اور معیشت سے نہیں پہچانی جاتیں؛ اصل اور دیرپا شناخت ان کے فن، ادب، موسیقی، تہذیب اور اجتماعی حافظے سے بنتی ہے۔ اٹلی، فرانس، برطانیہ، چلی اور ہندوستان کی شناخت میں ان کے عظیم فن کاروں، ادیبوں اور شاعروں کا حصہ کسی فوجی یا معاشی کارنامے سے کم نہیں۔

پاکستان کے پاس اس حوالے سے ایک نہایت وسیع اور زرخیز ورثہ موجود ہے۔ ہماری علاقائی زبانوں کا لوک ادب، صوفیانہ شاعری، داستانیں، موسیقی، خطاطی، مصوری، دستکاری اور کلاسیکی فنون ہماری تہذیبی قوت کے مظہر ہیں۔

ہمارے پاس عبدالرحمٰن چغتائی، استاد اللہ بخش اور گل جی جیسے عظیم مصوروں کا ورثہ ہے۔ ان فن کاروں نے پاکستانی مصوری کو نہ صرف منفرد اسلوب دیا بلکہ آنے والی نسلوں کے لیے تخلیقی راستے بھی کھولے۔

موسیقی کے میدان میں استاد بڑے غلام علی خان، بیگم اختر، زاہدہ پروین، حسین بخش ڈھاڈی، پٹھانے خان، عارف لوہار، ملکہ ترنم نور جہاں، مہدی حسن، غلام علی، نصرت فتح علی خان، عطا اللہ عیسیٰ خیلوی، منصور ملنگی، عابدہ پروین اور ثریا ملتانیکر جیسے فن کاروں نے برصغیر کی موسیقی پر گہرے نقوش چھوڑے۔ ان میں کلاسیکی موسیقی بھی ہے، لوک روایت بھی، غزل بھی، کافی بھی اور صوفیانہ رنگ بھی۔

شعر و ادب میں سعادت حسن منٹو، غلام عباس، انتظار حسین، عبداللہ حسین، احمد ندیم قاسمی، اشفاق احمد، بانو قدسیہ اور مشتاق احمد یوسفی جیسے بڑے نثر نگار پاکستان کی ادبی شناخت ہیں۔ شاعری میں علامہ اقبال کے ساتھ مجید امجد، ن۔م۔ راشد، میرا جی، ناصر کاظمی اور امجد اسلام امجد جیسے شعرا نے اردو شاعری کو نئے موضوعات، نئے اسالیب اور نئے فکری زاویے عطا کیے۔

لاہور کو یونیسکو کی طرف سے سٹی آف لٹریچر قرار دیا جانا بھی پاکستان کی ادبی اور تہذیبی اہمیت کا ایک عالمی اعتراف ہے۔

لیکن پاکستان کے فنونِ لطیفہ کی اصل وسعت اس فہرست سے کہیں زیادہ ہے۔ سرائیکی، پنجابی، سندھی، پشتو، بلوچی، براہوی اور دوسری علاقائی زبانوں کا ادب اپنے اندر صدیوں کی تہذیبی یادداشت محفوظ کیے ہوئے ہے۔ شاہ حسین، بلھے شاہ، وارث شاہ، خواجہ فرید، سچل سرمست، شاہ عبداللطیف بھٹائی، رحمان بابا اور دوسرے صوفی شعرا نے محبت، انسانیت، رواداری اور روحانی آزادی کا پیغام دیا۔

یہ وہ خزانہ ہے جسے ہم نے ابھی تک عالمی سطح پر پوری قوت کے ساتھ پیش ہی نہیں کیا۔

پاکستان کو صرف 1947 سے نہیں، ہزاروں سال پہلے سے سمجھنا ہوگا

پاکستان کی شناخت کو صرف 1947 سے شروع کرنا ہماری تاریخی بصیرت کو محدود کر دیتا ہے۔ پاکستان کی تہذیبی شناخت اس سے کہیں زیادہ قدیم ہے۔ اسے وادی؟ سندھ کی تہذیب، موہنجو دڑو، ہڑپہ، ٹیکسلا، بدھ تہذیب، اشوک اور قدیم ہندوستانی تہذیبی روایات کے ساتھ ساتھ صوفیانہ فکر اور برصغیر کی مشترکہ تہذیبی تاریخ کے وسیع تناظر میں دیکھنا ہوگا۔

ہماری سرزمین نے دنیا کو جنگی جنون کی علامتیں ہی نہیں دیں؛ یہاں سے ایسی تہذیبی علامتیں بھی ملتی ہیں جو انسان کی تخلیقی اور پُرامن زندگی کی گواہی دیتی ہیں۔ موہنجو دڑو کی مشہور ڈانسنگ گرل ہو، بدھ مت کے آثار ہوں، ٹیکسلا کے تہذیبی مراکز ہوں یا صوفیا کی انسان دوستی پر مبنی روایت؛ یہ سب ہماری سرزمین کے تہذیبی مزاج کی مختلف جہتیں ہیں۔

یہ سرزمین بدھا کے پیغام سے بھی آشنا رہی، گورو نانک کی محبت اور انسان دوستی کی روایت سے بھی جڑی اور صوفیا کی درویشانہ فکر سے بھی فیض یاب ہوئی۔ ہماری تہذیب کے ان پہلوؤں میں مذہبی رواداری، انسانی محبت، امن اور بقائے باہمی کے ایسے پیغامات موجود ہیں جن کی آج کی دنیا کو پہلے سے زیادہ ضرورت ہے۔

ہمیں اپنی تاریخ کو محض سیاسی اقتدار کی تاریخ نہیں بنانا چاہیے۔ ہماری تاریخ تہذیب، ادب، فن، علم، روحانیت اور انسان دوستی کی تاریخ بھی ہے۔

ضرورت صرف باشعور قیادت کی ہے

پاکستان کے پاس وسائل کی کمی ضرور ہے، مگر امکانات کی کمی نہیں۔ ہمارا جغرافیہ ہمیں خطے کا معاشی پل بنا سکتا ہے، سورج کی روشنی ہمیں توانائی کی خود کفالت کی طرف لے جا سکتی ہے اور ہمارے فنونِ لطیفہ ہمیں دنیا کی تہذیبی برادری میں ایک منفرد مقام عطا کر سکتے ہیں۔

مسئلہ یہ ہے کہ ہم نے ان تینوں طاقتوں کو قومی ترجیحات کا مستقل حصہ نہیں بنایا۔ ہم وقتی سیاسی مسائل میں اتنے الجھ جاتے ہیں کہ طویل المدت قومی امکانات ہماری نظروں سے اوجھل ہو جاتے ہیں۔

ہمیں ایسی قیادت درکار ہے جو پاکستان کو صرف ایک سیاسی ریاست کے طور پر نہیں بلکہ ایک جغرافیائی، تہذیبی اور قدرتی طاقت کے طور پر دیکھ سکے۔ ہمیں ایسی معاشی پالیسی چاہیے جو ہمارے جغرافیے کو تجارت سے، سورج کو توانائی سے اور فنونِ لطیفہ کو عالمی ثقافتی سفارت کاری سے جوڑ دے۔

پاکستان کو دنیا سے یہ ثابت کرنے کی ضرورت نہیں کہ ہم کسی سے کم ہیں؛ ضرورت صرف اس امر کی ہے کہ ہم اپنی اصل طاقت کو پہچانیں اور اسے منظم انداز میں دنیا کے سامنے پیش کریں۔

پاکستان کی اصل سپر پاور شاید اس کے ایٹم بم سے بھی کہیں وسیع ہے۔ ہمارا جغرافیہ، ہمارا سورج اور ہماری تہذیب۔ یہ تین ایسی طاقتیں ہیں جو قدرت نے ہمیں پہلے ہی عطا کر رکھی ہیں۔

جس دن ہماری قیادت نے ان تینوں طاقتوں کا صحیح ادراک کر لیا، اس دن پاکستان صرف اپنے دفاع کے لیے طاقتور ملک نہیں رہے گا بلکہ تجارت، توانائی اور تہذیب کے میدان میں بھی دنیا کے لیے ایک اہم اور باوقار ملک بن کر ابھرے گا۔

اور شاید یہی وہ راستہ ہے جس پر چل کر پاکستان حقیقی معنوں میں اپنی شناخت، اہمیت اور افادیت دنیا سے منوا سکتا ہے۔

افغان طالبان رجیم کی پاکستان میں حملے کی کوشش، تمام ڈرونز گرا دیئے

گذشتہ روز صبح افغان طالبان رجیم کی جانب سے 8 ڈرونز پاکستان کی فضائی حدود میں داخل ہوئے، افواج پاکستان کے فعال اور مستعد ائیر ڈیفنس سسٹم نے تمام ڈرونز گرا دیے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق افواج پاکستان کے فعال اور مستعد ائیر ڈیفنس سسٹم نے تمام ڈرونز گرا دیئے افواج پاکستان اور پاک فضائیہ کے شاہینوں نے افغان طالبان رجیم کی عوامی مقامات کو نشانہ بنانے کی بزدلانہ کوشش کو پیشہ ورانہ طریقے سے ناکام بنا دیا۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ 4 ڈرونز طورخم بارڈر سے ملحقہ علاقوں اور 4 ڈرونز کوہاٹ سے متصل بارڈر کے پہاڑی علاقوں میں گرائے گئے، یہ دراندازی افغان طالبان رجیم کی جانب سے دہشت گردوں کی براہ راست معاونت اور سرپرستی کا مزید ایک اور ثبوت ہے۔ سیکیورٹی ذرائع نے کہا کہ تمام ڈرونز پاک فضائیہ کے فعال دفاعی نظام نے برقت ڈیٹیکٹ کیے، پاک افغان بارڈر پر پاک فضائیہ کے زیرِ نگرانی تشخیصی اور دفاعی نظام ہمہ وقت تیار اور فعال ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق گرائے جانے والے ڈرونز اس بات کی مزید تصدیق کرتے ہیں کہ افواج پاکستان افغان طالبان رجیم کی ہر زمینی، ہوائی اور دہشت گردانہ دراندازی کو ناکام بنانے کا مکمل عزم اور صلاحیت رکھتی ہیں، تباہ شدہ ڈرونز کا ملبہ تحویل میں لیا جا رہا ہے۔ پاکستان کی افغان طالبان رجیم کے زیر انتظام چلنے والے دشت گردانہ ٹھکانوں کی کامیاب تباہی کے بعد کل رات سے پاک افغان بارڈر کے کرم سیکٹر میں اشتعال انگیز فائرنگ اور آج کا ڈرون حملہ افغان طالبان کی شدید بوکھلاہٹ کو ظاہر کرتا ہے۔ یاد رہے کہ کل رات افواج پاکستان نے کرم سیکٹر میں افغان طالبان رجیم کے متعدد مورچوں اور ٹھکانوں کو اشتعال انگیز فائرنگ کے جواب میں تباہ بھی کیا تھا جب کہ افواج پاکستان ہمہ وقت پاکستان اور عوام کے دفاع کیلئے تیار ہیں۔ جبکہ بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز کی آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت دہشتگردوں کیخلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں، مستونگ کیعلاقے کنک وادی میں سیکیورٹی فورسز نے 9 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا۔ سیکیورٹی ذرائع نے کہا کہ فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں نے مستونگ کے علاقے کنک وادی میں چوکی پر حملے کی بزدلانہ کوشش کی، سیکیورٹی فورسز نے فوری اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے 2 دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا۔ سیکیورٹی فورسز نے فرار ہونے والے فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کا تعاقب کیا اور مزید 7 خوارج کو ہلاک کر دیا، ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے 3 موٹر سائیکلوں سمیت بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق شدید فائرنگ کے تبادلے میں سیکیورٹی فورسز کا ایک جوان بھی زخمی ہوا جسے اسپتال منتقل کر دیا گیا۔

www.sehar.pk dailysehar1@gmail.com
MEMBER APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
روزنامہ سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

پہلوانوں کے شہر سے

GUJRANWALA

افتخار احمد چوہان

ترقیاتی منصوبوں میں مقررہ معیار اور تعمیراتی ضوابط پیشرفت کو ہر صورت مدنظر رکھنے کا حکم

کمشنر ڈویژن محمد علی نے ڈپٹی کمشنر نوید احمد کے ہمراہ کامونکی میں پیرا فورس کی زیر تعمیر عمارت کا دورہ کیا اور تعمیراتی کام، پیشرفت اور معیار کا جائزہ لیا، کمشنر محمد علی نے عمارت کے مختلف حصوں کا معائنہ کیا

عوامی سہولیات اور سرکاری اداروں کیلیے تعمیر کی جانے والے منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، تعمیراتی منصوبوں میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور متعلقہ افسران باقاعدگی سے کام کی نگرانی کو یقینی بنائیں

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) کمشنر ڈویژن محمد علی نے ڈپٹی کمشنر نوید احمد کے ہمراہ کامونکی میں پیرا فورس کی زیر تعمیر عمارت کا دورہ کیا اور تعمیراتی کام، پیشرفت اور معیار کا جائزہ لیا۔ کمشنر محمد علی نے عمارت کے مختلف حصوں کا معائنہ کیا اور تعمیراتی کام کی رفتار، استعمال ہونیوالے میٹریل اور جاری تعمیراتی سرگرمیوں کے حوالے سے متعلقہ افسران سے بریفنگ لی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تعمیراتی منصوبے میں مقررہ معیار اور تعمیراتی ضوابط کو ہر صورت ملحوظ خاطر رکھا جائے جبکہ کام کی رفتار کو بھی مزید تیز کیا جائے۔ کمشنر ڈویژن محمد علی نے کہا کہ عوامی سہولیات اور سرکاری اداروں کیلیے تعمیر کی جانے والے منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ تعمیراتی منصوبوں میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور متعلقہ افسران باقاعدگی سے کام کی نگرانی کو یقینی بنائیں۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے بھی زیر تعمیر عمارت کے مختلف حصوں کا معائنہ کیا اور تعمیراتی پیشرفت کے حوالے سے تفصیلات حاصل کیں۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ منصوبے کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کیلیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ متعلقہ افسران نے کمشنر ڈویژن محمد علی اور ڈپٹی کمشنر نوید احمد کو منصوبے کی موجودہ پیش رفت، تعمیراتی مراحل اور آئندہ کے لائحہ عمل کے بارے میں بریفنگ دی۔

ڈسٹرکٹ کنزیومر پروٹیکشن کونسل کی کاروائی

22 کی بجائے 18 کیرٹ کا سونا فروخت کرنے پر صارف کو 8 لاکھ روپے واپس دلوا دیئے گئے

شہری قیمتی دھاتوں سمیت اشیا کی خریداری کیوقت معیار، کیرٹ، وزن، قیمت اور رسید کی مکمل تفصیلات ضرور چیک کریں

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر نوید احمد کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ کنزیومر پروٹیکشن کونسل نے صارف کی شکایت پر کارروائی کرتے ہوئے 22 کیرٹ کی بجائے 18 کیرٹ سونا فروخت کرنے کیمعاملے میں صارف کو 8 لاکھ روپے کی اضافی اداشدہ رقم واپس دلوا دی۔ تفصیلات کے مطابق حافظ محمد طلحہ نے شفقت جیولرز سے تقریباً ساڑھے پانچ تولہ طلائی زیورات خریدے۔ صارف کی جانب سے 22 کیرٹ کی بجائے 18 کیرٹ سونا فراہم کیے جانے کی شکایت پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر کنزیومر پروٹیکشن چوہدری محمد فاروق نے فریقین کو طلب کیا اور دستیاب شواہد کی بنیاد پر معاملے کی جانچ کی۔ کارروائی کے نتیجے میں صارف کو 8 لاکھ روپے کی رقم واپس دلوا دی گئی جبکہ متعلقہ جیولرز کو آئندہ صارفین کے حقوق کی خلاف ورزی سے اجتناب کی سخت تنبیہ کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے کہا کہ صارفین اپنے حقوق کے تحفظ کیلیے کنزیومر پروٹیکشن کے دستیاب نظام سے بھرپور استفادہ کریں۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ قیمتی دھاتوں سمیت اشیا کی خریداری کے وقت معیار، کیرٹ، وزن، قیمت اور رسید کی مکمل تفصیلات ضرور چیک کریں۔ شہری کنزیومر پروٹیکشن ایپ اور آن لائن شکایتی نظام کیذریعے اپنی شکایات وآرا درج کرا سکتے ہیں تاکہ بروقت کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔

گوجرانوالہ۔ جام شہادت نوش کرنیوالے کیپٹن ابوزر فاروق شہید کی نماز جنازہ ادا کی جا رہی ہے

سولر صارفین پر نئے ٹیکسز کا فیصلہ واپس لیا جائے: چوہدری شوکت منیر

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) سینئر رہنماء آل پاکستان مسلم لیگ چوہدری شوکت منیر نے گھریلو اور کمرشل سطح پر سولر صارفین پر نئے ٹیکسز، لائسنسنگ فیس، سیکشن چارجز اور فی کلوواٹ فیس عائد کرنے کے حکومتی فیصلے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ انہوں نے اسے حکومتی بدنیتی اور عوام دشمنی قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ عوام کا خون نچوڑنے والے اس ظالمانہ فیصلے کو فی الفور واپس لیا جائے۔ انہوں نے کہا ہے کہ مراعات یافتہ طبقہ کی عیاشیاں بدستور جاری ہیں جبکہ عام عوام مہنگائی اور لوڈ شیڈنگ کے عذاب میں بری طرح پس رہے ہیں۔ غریب آدمی کیلیے دو وقت کی روٹی کا حصول بھی مشکل ہو چکا ہے' جبکہ اشرافیہ ہر طرح کی سہولیات سے مستفید ہو رہی ہے۔ حکمرانوں کو عوام کی مشکلات اور پریشانیوں کا کوئی ادراک نہیں' جس کی وجہ سے عوام میں شدید بے چینی اور اضطراب پایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گھنٹوں کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے اور کاروباری سرگرمیاں بھی بُری طرح متاثر ہو رہی ہیں۔

سرکاری اداروں میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کا بنیادی مقصد عوام کو شفافیت اور تیز رفتار سروسز فراہم کرنا ہے، کمشنر

اراضی ریکارڈ سنٹر میں آنے والیشہریوں کو بروقت اور شفاف خدمات کی فراہمی یقینی بنائی جائے، محمد علی

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) کمشنر ڈویژن محمد علی نے ڈپٹی کمشنر نوید احمد کے ہمراہ اراضی ریکارڈ سنٹر کامونکی کا دورہ کیا اور شہریوں کو اراضی سے متعلقہ خدمات کی فراہمی، ریکارڈ کی کمپیوٹرائزیشن اور عوامی سہولیات کا جائزہ لیا۔ کمشنر محمد علی اور ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے اراضی ریکارڈ سنٹر کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا اور شہریوں کو فراہم کی جانیوالی سہولیات، فرد کے اجراء، انتقالات، ریکارڈ کی درستگی اور دیگر متعلقہ امور کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ افسران نے سنٹر میں موجود سائلین سے بھی ملاقات کی اور ان سے فراہم کی جانے والی خدمات اور درپیش مسائل کے بارے میں دریافت کیا۔ کمشنر محمد علی نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ اراضی ریکارڈ سنٹر میں آنے والے شہریوں کو بروقت اور شفاف خدمات کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور کسی بھی شہری کو بلاوجہ انتظار یا غیر ضروری دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری اداروں میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کا بنیادی مقصد عوام کو سہولت، شفافیت اور تیز رفتار سروسز فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے اراضی ریکارڈ کی بروقت تکمیل، درستگی اور ریکارڈ کی حفاظت پر خصوصی توجہ دینے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کے جائز مسائل کا فوری ازالہ کیا جائے اور سروس ڈیلیوری کیمعیار کو مزید بہتر بنایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد فیصبی اراضی ریکارڈ سنٹر کے انتظامی امور کا جائزہ لیا اور متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ سائلین سے خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے انہیں تمام ممکنہ سہولیات فراہم کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ عوامی خدمت کے اداروں میں شفافیت، میرٹ اور بہترین سروس ڈیلیوری کو ہر صورت یقینی بنایا جائیگا۔ دورے کے دوران متعلقہ افسران نیکمشنر ڈویژن اور ڈپٹی کمشنر کو اراضی ریکارڈ سنٹر میں جاری خدمات اور انتظامی امور کے حوالے سے بریفنگ بھی دی۔

ڈیسٹ کلیئرنس میں تاخیر یا غفلت کا فوری تدارک صفائی کا اعلیٰ معیار برقرار رکھا جائے، عبدالرزاق ڈوگر

بیٹ پلان کیمطابق صفائی آپریشنز کی روزانہ کی بنیاد پر موثر تکمیل یقینی بنائی جائے، سی او ستھرا پنجاب

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) سی ای او ویسٹ مینجمنٹ کمپنی ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی عبدالرزاق ڈوگر نے شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کرتے ہوئے صفائی ستھرائی کی مجموعی صورتحال، ویسٹ کلیئرنس، ورکرز کی حاضری، بیٹ پلان اور فیلڈ آپریشنز کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کچی فتومنڈ، اللہ والا بازار، لنک سوئی گیس روڈ، جناح روڈ، جناح مارکیٹ، فیض عالم ٹاؤن، مدینہ کالونی اور گجرٹان کا معائنہ کیا اور صفائی عملہ کی فیلڈ میں موجودگی اور جاری صفائی سرگرمیوں کا موقع پر جائزہ لیا اور ہدایت کی کہ بیٹ پلان کیمطابق صف

تبدیلی نام

میں نے اپنا نام غلام فرید ولد عبدالجبار سے تبدیل کر کے چوہدری بلال ولد عبدالجبار رکھ لیا لہذا آئندہ مجھے نئے نام سے لکھا اور پکارا جائے نیز نادرا ریکارڈ میں بھی میرا نیا نام چوہدری بلال درج کیا جائے۔
المشتہر: غلام فرید ولد عبدالجبار سکنہ چک نمبر 24 ٹو آر تحصیل رینالہ خورد ضلع اوکاڑہ۔
KHOKHARASIFCR

بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ/تحصیلدار صاحب اوکاڑہ

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی حال رستم علی ولد بہادر (کنوارہ فوت شد) کا انتقال وراثت موضع ٹھٹہ شیر تحصیل وضلع اوکاڑہ درج رجسٹرڈ ہوکر عدالت ہذا میں پیش ہوا ہے بازگشت میں محمد حسین۔ ولایت علی برادران اکرام بی بی ہمشیرہ متوفی وارثان ظاہر کیے گئے ہیں دیگر کوئی وارث یا حقدار ہو یا کسی کو کوئی عذر واعتراض ہو تو اشتہار ہذا کی اشاعت کے بعد سات یوم کے اندر عدالت ہذا میں پیش ہوکر اپنا عذر بیان کرے باصورت دیگر یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد ازاں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا
KhokharasifCr

بعدالت جناب محمد آصف گل فیملی جج پنڈ دادنخان

دعویٰ تنسیخ نکاح/ بربنائے خلع
عنوان مقدمہ
سمیرا بی بی دختر محمد اشرف سکنہ منڈاہر تحصیل پنڈ دادنخان ضلع جہلم
بنام اشتہار
محمد عرفان ولد محمد نذیر سکنہ منڈاہر تحصیل پنڈ دادنخان ضلع جہلم
ہرگاہ دعویٰ تنسیخ نکاح عنوان بالا میں آپ تعمیل سمن رجسٹری D/A سے گریزاں ہے۔اس لیے ان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے۔لہذا بذریعہ اخبار اشتہار آپ کو مطلع کیا جاتا ہیکہ اگر آپ بتقرر مورخہ 28/09/2026 بوقت 8 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بصورت دیگر آپکے خلاف کاروائی حسب ضابطہ یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔اور بعد میں کسی قسم کا کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔
اشتہار بدستخط ہمارے مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔
C/o..RM

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: تنسیخ نکاح بر بنائے خلع، بعنوان: ثمرہ بی بی بنام مظہر حسین
اشتہار بنام: مظہر حسین ولد معراج دین ساکن قاضی پارک ایک مینار والی مسجد شاہدرہ لاہور بنام مدعا علیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعا علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 10-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔
Cr..FW

بعدالت جناب اسد مشتاق صاحب نائب تحصیلدار قصور

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی ہدایت علی ولد کالا کی وراثت انتقال واقع موضع تھہ تھیم درج ہو چکی ہے۔ جس کے وارثان کی تصدیق ہونا ہے۔والدین متوفی پہلے فوت شد، مریم بی بی بیوہ متوفی زندہ، لیاقت علی، شرافت علی، صداقت علی، محمد اکرم، محمد عرفان، محمد نوید، پروین بی بی، نسرین، رضیہ بی بی، سونیاں بی بی پسران و دختران متوفی زندہ ہیں کو وارثان ظاہر کیا گیا ہے۔ اگر کسی کو نسبت وراثت سے اعتراض ہو یا کوئی دیگر وارث ہو تو بعد از اشاعت سات 7 یوم میں عدالت ہذا سے رابطہ کریں۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔ بعد میں کو ئی عذر قابل سماعت نہ ہو گا۔ آج بدستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا۔
Cr..Bhutta

اشتہار برائے لیٹ اندراج تاریخ پیدائش*

عام اطلاع
میں محمد اسحاق والد نور محمد قوم شیخ سکنہ 43SP کھرپہ ڈاکخانہ حویلی لکھا تحصیل دیپالپور، ضلع اوکاڑہ حلفیہ بیان کرتا ہوں کہ میری ایک بیٹی
تاریخ پیدائش
(1) کرن شہزادی 2007-3-1
جو غفلت و لاپرواہی کی وجہ سے مقررہ مدت کے اندر متعلقہ یونین کونسل میں درج نہ ہوسکی۔
لہذا اب میں اپنی بیٹی کی تاریخ پیدائش کا لیٹ اندراج کروانا چاہتا ہوں۔ اگر کسی شخص کو اس تاریخ پیدائش کے اندراج پر کوئی اعتراض ہو تو وہ 15 دن کے اندر تحری ثبوت کے ساتھ سیکرٹری یونین کونسل بونگہ صالح 140، تحصیل دیپالپور، ضلع اوکاڑہ کے دفتر میں پیش کرے۔ بصورت دیگر مقررہ مدت کے بعد میری درخواست پر لیٹ اندراج کر دیا جائے گا۔
بعد ازاں کوئی اعتراض قابل سماعت نہ ہوگا۔
نام: محمد اسحاق
ولدیت: نور محمد
شناختی کارڈ نمبر:
35301-1853841-5
موبائل نمبر:
03014641719
C/o..RM

بعدالت جناب میڈم نازش نواز کیانی صاحبہ فیملی جج/گارڈین پسرور

درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ: آسیہ بی بی زوجہ اعجاز احمد دختر محمد اسلم ساکن ڈھلم پسرور تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ بنام عوام الناس: اشتہار بنام عوام الناس: ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائلہ/سائل نے درخواست تقرری جانشینی عدالت ہذا میں دائر کی ہے جس 2026-10-02 تاریخ پیشی مقرر ہوئی ہے۔ لہذا بذریعہ اشتہار اخبار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو نسبت درخواست کوئی عذر ہو تو وہ تاریخ مقررہ پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔
Cr..Shan

عاق نامہ

میں اپنے حقیقی بیٹی زریاب نوید زوجہ محمد نوید دختر ابرار بیگ کو بوجہ نافرمانی گستاخی اپنی منقولہ و غیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتی ہوں آج کے بعد اس کے کسی بھی قول و فعل اور لین دین کا ذمہ دار نہ ہوگی، سرکاری و غیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں۔ المشتہر: منزہ اختر زوجہ ابرار بیگ سکنہ چیچو کی ملیاں ڈاکخانہ منوں آباد تحصیل و ضلع شیخوپورہ۔
Cr..FW

بعدالت جناب طارق فاروق شاہ صاحب سول جج/فیملی کورٹ فیصل آباد

دعویٰ تنسیخ نکاح بر بنائے خلع
عنوان: اقراء لیاقت بنام محمد بلال
گیرا پیٹریٹس سے ملاقات کی جس میں پاکستان اور یونان کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔بدھ کو دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق یونان کے وزیر خارجہ گیرا پیٹریٹس نے علاقائی امن واستحکام کے فروغ میں پاکستان کے تعمیری کردار کے ساتھ ساتھ عالمی سطح پر پاکستان کی بڑھتی ہوئی سفارتی سرگرمیوں کو سراہا۔دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور یونان کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا جس میں تجارت، سرمایہ کاری اور کاروباری سطح پر روابط کے فروغ پر خصوصی توجہ مرکوز ہوگی۔یونان میں مقیم پاکستانی تارکین وطن کی قابل قدر خدمات کو بھی یونانی وزیر خارجہ نے سراہا۔دونوں وزرائے خارجہ نے توانائی کی فراہمی میں خلل سمیت علاقائی اور عالمی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا اور بلا رکاوٹ بحری نقل و حرکت کی اہمیت پر زور دیا دونوں وزرائے خارجہ نے اعلیٰ سطحی روابط کو مسلسل برقرار رکھنے پر اتفاق کیا اور ایک دوسرے کو باہمی دوروں کی دعوت دی۔

بقیہ	سحر	8

کے ذمہ دارانہ اور حب الوطنی کے طرز عمل کو سراہتے ہیں، ہر مسئلے کا حل بات چیت اور ڈائیلاگ میں ہی ہے۔صدر استحکام پاکستان پارٹی عبدالعلیم خان نے جماعت اسلامی کی قیادت کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ تمام سیاسی جماعتیں بات چیت کے ذریعے تمام مسائل کا حل نکالیں، موجودہ حالات میں ملک کسی احتجاج اور انتشار کا متحمل نہیں ہوسکتا، تحریک انصاف کو بھی بات چیت کی طرف آنا چاہیے، فتنہ و فساد کی سرگرمیوں سے ملک دشمن عناصر کو مدد ملے گی، ہر مسئلے کا آخر کار حل مذاکرات کی میز پر ہی نکلتا ہے۔وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے کہا کہ تحریک انصاف بھی احتجاج کی کال واپس لے اور بات چیت کی طرف آئے، ملک سے محبت کرنے والا کوئی شخص توڑ پھوڑ اور جلاؤ گھیراؤ کی بات نہیں کرسکتا، خطہ جنگ کی زد میں ہے، پاکستان انتہائی ذمہ دارانہ کردار ادا کرنے جارہا ہے، اس وقت ملک کو اندرونی محاذ پر اتحاد اور مضبوطی کی ضرورت ہے، ملکی امن کے خلاف کسی بھی طرح کی سرگرمی کا سوچا بھی نہیں جاسکتا۔

بقیہ	سحر	9

مذاکرات، سفارت کاری، بین الاقوامی قانون اور کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق ہی ممکن ہے، سندھ طاس معاہدہ ایک پابند بین الاقوامی معاہدہ ہے اور اس میں کسی فریق کو یکطرفہ طور پر معاہدہ معطل کرنے کی اجازت نہیں دی گئی۔اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس کے موقع پر نیویارک میں او آئی سی رابطہ گروپ برائے جموں وکشمیر کے وزارتی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اسحاق ڈار نے مطالبہ کیا کہ او آئی سی مسئلہ کشمیر پر اپنی اصولی یکجہتی کو مسلسل اور مؤثر سفارتی اقدام میں تبدیل کرے۔

بقیہ	سحر	10

جائزہ لینے کے لیے ایک اہم اور خصوصی اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس میں ڈپٹی کمشنر جہلم میر رضا اوزگن اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نے شرکت کی اور ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ضلع بھر کے پٹرول پمپس کی موجودہ صورتحال، رجسٹریشن کے طریقہ کار اور شہریوں کی آگاہی سے متعلق اٹھائے گئے اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔اجلاس کے دوران بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ حکومت کے فیول ریلیف پروگرام کے تحت کم آمدنی والے طبقے بالخصوص موٹر سائیکل، چنگ چی رکشہ اور 800 سی سی تک کی گاڑیوں کے مالکان کو رعایتی قیمت پر فیول کی فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے۔

بقیہ	سحر	11

شرکت کے لیے اپنے دورہ نیویارک کے دوران بوئنگ گلوبل کے صدر ڈاکٹر برینڈن نیلسن سے ملاقات کی۔ ملاقات میں پی آئی اے کے فضائی بیڑے کی جدید کاری اور پاکستان کے ایوی ایشن کے شعبے میں وسیع تر تعاون پر گفتگو ہوئی۔وزیر خزانہ نے بوئنگ کی جانب سے پی آئی اے کو نئے طیاروں کی خریداری کے لیے نظر ثانی شدہ تجویز پیش کرنے کی تصدیق کا خیر مقدم کیا، جبکہ طیاروں کی جلد ترسیل کے ممکنہ مواقع اور عبوری طور پر طیارے لیز پر لینے کے انتظامات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ملاقات میں امریکی ایکسپورٹ امپورٹ بینک کی جانب سے مالی معاونت، انجنوں کی خریداری، اسپیئر پارٹس، دیکھ بھال اور گراؤنڈ کیے گئے طیاروں کی بحالی سے متعلق امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا

بقیہ	سحر	12

بوسنیا و ہرزیگووینا کی صدارتی کونسل کے چیئرمین ڈاکٹر ڈینس بیچیرووچ سے ملاقات ہوئی جس میں پاکستان اور بوسنیا و ہرزیگووینا کے درمیان طویل دوستانہ تعلقات پر گرمجوشی سے تبادلہ خیال کیا گیا ہے۔ بدھ کو ایکس پر اپنے جاری پیغام میں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تعلقات بالخصوص تجارت، سرمایہ کاری اور عوامی تبادلوں کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ	سحر	13

کوحراست میں لے لیا۔سکیورٹی ذرائع کے مطابق گرفتار افغان باشندوں کو قانونی کارروائی کیلئے پولیس کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ذرائع کے مطابق گرفتار افغانی انسانی اسمگلرز کے ذریعے براستہ پاکستان، ایران اور یورپ جانے کی کوشش کر رہے تھے۔سکیورٹی ذرائع کے مطابق ایک ہفتے میں زیر حراست غیر قانونی مقیم افغان باشندوں کی تعداد 129 ہوگئی ہے۔

بقیہ	سحر	14

۔بیرسٹر عقیل ملک نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے اندر گورننس کے ایشوز ہیں، صوبے کے عوام کو بے یارو مددگار چھوڑ دیا گیا ہے۔

بقیہ	سحر	15

نیویارک کے دوسرے روز توانائی کے تحفظ، ایوی ایشن کے شعبے میں تعاون، صحت کے پروگرام پر عملدرآمد اور موسمیاتی مالیات کے حوالے سے بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ اعلیٰ سطحی ملاقاتیں اور اہم امور پر تبادلہ خیال کیا۔وزیر خزانہ نے ورلڈ اکنامک فورم کے زیر اہتمام نئی معیشت میں ترقی کو توانائی فراہم کرنے کے موضوع پر اعلیٰ سطحی مکالمے میں شرکت کی، جہاں انہوں نے کہا کہ جاری جغرافیائی و سیاسی تنازعات اور ایندھن کی فراہمی میں رکاوٹوں کے باعث عالمی توجہ توانائی کی منتقلی سے بڑھ کر توانائی کے تحفظ کے فوری چیلنج کی جانب مرکوز ہوگئی ہے۔

بقیہ	سحر	16

،ڈیجیٹلائزیشن اور مالیاتی شمولیت کے شعبوں میں پاکستان کے ساتھ گیٹس فاؤنڈیشن کے تعاون کو سراہتے ہوئے پاکستان سے پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے حکومت کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا ہے۔

بقیہ	سحر	17

زراعت، لائیوسٹاک، ماہی گیری، موسمیاتی تبدیلی سے مطابقت اور ورن ہیلتھ کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔دونوں ممالک کو درپیش مشترکہ چیلنجز اور پائیدار و مستحکم زرعی و غذائی نظاموں کے فروغ کے لیے باہمی تعاون کے امکانات زیر بحث آئے۔رانا تنویر حسین نے کہا کہ پاکستان اور بنگلہ دیش زراعت پر انحصار کرنے والے ممالک ہیں اور موسمیاتی تبدیلی، ابھرتی ہوئی بیماریوں اور ماحولیاتی دباؤ جیسے مشترکہ چیلنجز کا سامنا کر رہے ہیں۔انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ انسانی، حیوانی اور ماحولیاتی صحت کے شعبوں میں قریبی تعاون سے غذائی تحفظ کو مضبوط بنانے، دیہی آبادی کے روزگار کے تحفظ اور زرعی برادریوں کی موسمیاتی تبدیلیوں کے مقابلے کی صلاحیت بڑھانے میں مدد مل سکتی ہے۔

بقیہ	سحر	18

خارجہ ڈاکٹر ویلی سلاوا پیٹروواچامووا سے ملاقات کی۔بدھ کو دفتر خارجہ کے ترجمان کی جانب سے جاری بیان کے مطابق دونوں رہنماؤں نے پاکستان۔بلغاریہ تعلقات کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا اور سیاسی و اقتصادی سطح پر باقاعدہ اور بڑھتے ہوئے روابط کے ذریعے تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کی خواہش کا اظہار کیا۔انہوں نے علاقائی اور عالمی پیش رفت پر بھی تبادلہ خیال کیا۔نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے اس بات پر زور دیا کہ مکالمہ اور سفارت کاری ہی مسائل کے حل کا واحد قابل عمل ذریعہ ہیں

بقیہ	سحر	19

ارب ڈالر ملنے کا امکان ہے۔ایکسٹینڈڈ فنڈ فیسلٹی پروگرام کے تحت اقتصادی جائزے کے لیے آئی ایم ایف کا وفد پاکستان پہنچ گیا،قرض پروگرام کی پانچویں قسط کے لیے مذاکرات 2 ہفتے جاری رہیں گے

بقیہ	سحر	20

کے فروغ، سرمایہ کاری کے نئے مواقع اور علاقائی سکیورٹی کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔وزارت داخلہ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں خطے کے امن واستحکام اور دوطرفہ باہمی رابطوں کو مزید مستحکم کرنے پر اتفاق کیا گیا۔اس موقع پر امریکی سفیر نیطلی بیکر نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی لازوال قربانیوں کا اعتراف کرتے ہوئے انہیں سراہا۔وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان دنیا اور دہشت گردی کے درمیان ایک مضبوط دیوار کی مانند کھڑا ہے اور خطے میں امن کے قیام کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔

بقیہ	سحر	21

پیشہ ورانہ مہارت اور عزم کے مظاہرے سے بظاہر ناممکن چیلنجز کو ایسے کارناموں میں تبدیل کیا گیا جن پر قوم بجا طور پر فخر کرسکتی ہے۔

بقیہ	سحر	22

تبادلہ، تعلیم اور ثقافت کے شعبے شامل ہیں۔دونوں رہنماں نے باہمی دلچسپی کے علاقائی اور عالمی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا۔وزیراعظم نے بوسنیا و ہرزیگووینا کے ساتھ پاکستان کے تاریخی، قریبی اور برادرانہ تعلقات کی اہمیت کا اعادہ کرتے ہوئے ان تعلقات کو تجارت اور اقتصادی تعاون پر مبنی مضبوط اور وسیع البنیاد شراکت داری میں تبدیل کرنے کی خواہش کا اظہار کیا

بقیہ	سحر	23

کے بارے میں اعتراضات اٹھانے پر سخت ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے ایڈیشنل سیکرٹری اسٹیبلشمنٹ کو آئندہ سماعت پر ذاتی حیثیت میں طلب کرلیا۔چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ عالیہ نیلم نے ڈی آئی جی احمد ناصر عزیز ورک کی درخواست پر سماعت کی۔

بقیہ	سحر	24

تبدیلی کر کے نشستوں کی تعداد بڑھانے سے اصل میں پانچ نشستوں کیلئے تیار کی گئی گاڑی دس یا اس سے زائد افراد کی نقل وحمل کیلئے ڈیزائن شدہ گاڑی نہیں بن جاتی۔چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں جسٹس محمد شفیع صدیقی اور جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب پر مشتمل تین رکنی بینچ نے کسٹمز کلکٹر ماڈل کسٹمز کلکٹریٹ پشاور کی جانب سے دائر درخواست پر فیصلہ سناتے ہوئے پشاور ہائیکورٹ کا 5 اکتوبر 2023 کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا۔

بقیہ	سحر	25

کی جانب سے جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے ہدایت کی کہ مریضوں، طبی عملے اور عوام کی حفاظت کے لیے ضروری اصلاحات ترجیحی بنیادوں پر مکمل کی جائیں۔ اجلاس میں وزارتِ قومی صحت کے زیر انتظام تمام اداروں میں فائر سیفٹی اور بنیادی انفراسٹرکچر کی جامع اصلاحات کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر وزارتِ صحت کے زیر انتظام تمام ہسپتالوں، بنیادی مراکزِ صحت اور دیہی مراکزِ صحت کے تکنیکی اور بنیادی ڈھانچے کا جامع جائزہ لینے کا فیصلہ کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ صحت کے اداروں کے انفراسٹرکچر کا تفصیلی جائزہ لینے کے لیے ماہر کنسلٹنسی فرم کی خدمات حاصل کی جارہی ہیں۔ کنسلٹنسی فرم صحت مراکز میں فائر سیفٹی، بجلی کے نظام، ہیٹنگ، وینٹی لیشن اور ایئر کنڈیشننگ سمیت میڈیکل گیسز کے نظام کا جائزہ لے گی۔اس کے علاوہ صحت کے اداروں میں موجود بائیومیڈیکل آلات اور طبی فضلے کے انتظام کے نظام کا بھی تفصیلی جائزہ لیا جائے گا

بقیہ	سحر	26

ہوئے کہا کہ پاکستان یورپی یونین کے رکن ممالک کے ساتھ تعلقات کو بڑی اہمیت دیتا ہے۔انہوں نے کہا کہ افغانستان کی سرزمین سے پاکستان کو دہشت گردی کا سامنا ہے، افغانستان سے دہشت گردی بڑا چیلنج ہے، پاکستان نے چار دہائیوں تک افغان مہاجرین کی میزبانی کی۔انہوں نے کہا کہ پاکستان خطے میں امن اور استحکام کا خواہاں ہے، بھارت کے ساتھ کشیدگی میں پاکستان نے بڑے تحمل کا مظاہرہ کیا

بقیہ	سحر	27

ہوئے طلال چوہدری نے بتایا کہ اسلام آباد کے 147 پٹرول پمپس پر ریلیف سکیم کی سہولت فراہم کی جا چکی ہے، جس سے محض ایک ہفتے کے دوران 1 لاکھ 50 ہزار موٹر سائیکل سوار اور چھوٹی گاڑیوں کے مالکان مستفید ہو چکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ کمزور طبقات کی آسانی کے لیے متعلقہ پٹرول پمپس پر فیسلی ٹیشن سینٹرز قائم کیے گئے ہیں تاکہ کسی کو دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر اسلام آباد، اسسٹنٹ کمشنرز اور دیگر انتظامی افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔

بقیہ	سحر	28

کی وطن واپسی پر ملاقات میں عوام کو ریلیف نہ دیا گیا تو قافلے اسلام آباد کی جانب چل پڑیں گے۔بہتر یہی ہے لیوی ختم کردی جائے بصورت دیگر عوام حکومت گرانے کے لیے نکل پڑیں گے۔

بقیہ	سحر	29

جھوٹ اور شعبدہ بازی پر مبنی ہے، پاکستان مسلم لیگ (ن) ترقی پر یقین رکھتی ہے، پی ٹی آئی حکومت نے خیبر پختونخوا کو تباہی اور بربادی کے سوا کچھ نہیں دیا، خیبر پختونخوا میں دانش اسکول قائم کیے جارہے ہیں، جب بھی صوبے کے عوام پاکستان مسلم لیگ (ن) کو حکومت کرنے کا موقع دیں گے، انشاءاللہ ایک دن ایسا آئے گا جب خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کا نام ونشان تک باقی نہیں رہے گا۔

بقیہ	سحر	30

کردیے گئے۔وزارت خارجہ کے مطابق سیکریٹری جنرل ریاض میں قائم کیے جانے والے اتحاد کے جنرل سیکرٹریت کی قیادت کریں گے۔یاد رہے کہ ترک وزیر خارجہ ہاقان فیدان نے گزشتہ ماہ تصدیق کی تھی کہ ترکیہ، پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان مکہ دفاعی معاہدے کا سیکرٹری جنرل پاکستان سے ہوگا۔

بقیہ	سحر	31

جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کی فضائی حدود کی کھلم کھلا خلاف ورزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھنے والوں کو ہر سطح پر بھرپور اور منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ مسلح افواج کی بروقت اور موثر جوابی کارروائی ملک کے دفاع کے لیے ان کی غیر معمولی پیشہ ورانہ صلاحیت اور ہمہ وقت مستعدی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔محمد حنیف عباسی نے دوٹوک مقف اپناتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی سالمیت اور خودمختاری پر کسی کو وار کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی۔انہوں نے زور دے کر کہا کہ مملکتِ پاکستان کی جغرافیائی سالمیت، ریاستی خودمختاری اور عوام کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا اور ملک کے خلاف کسی بھی جارحیت یا شرپسندانہ کارروائی کرنے والوں کے ناپاک عزائم کو ہر محاذ پر اسی قوت سے ناکام بنایا جاتا رہے گا۔

بقیہ	سحر	32

یہاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ میں بانی پی ٹی آئی کی بہنوں سے اظہار یکجہتی کیلئے لاہور آیا ہوں، بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کی گرفتاری بدترین سیاسی انتقام ہے۔

بقیہ	سحر	33

بہ سازوں، مالی معاونت کرنے والوں اور سہولت کاروں کو انصاف کے کٹہرے میں لانے پر زور دیا ہے۔میڈیا رپورٹ کے مطابق سلامتی کونسل کے صدر اور فرانس کے نمائندے جیروم بونافون کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ 18 ستمبر 2026 کو کوہاٹ میں مسجد پر ہونے والا خودکش حملہ انتہائی سنگین اور بزدلانہ دہشتگرد کارروائی تھی۔ سرکار پیالیاں دیکھیں بیان کے مطابق حملے میں کم از کم 24 پاکستانی شہری شہید ہوئے جن میں 7 عام شہری اور 17 قانون نافذ کرنے والے اہلکار شامل تھے جبکہ کم از کم 88 افراد زخمی ہوئے۔دہشتگرد گروہ، جس میں تحریک طالبان پاکستان سے منسلک عناصر بھی شامل ہیں نے حملے کی ذمہ داری قبول کی تھی۔سلامتی کونسل کے ارکان نے حملے میں جاں بحق افراد کے اہل خانہ، حکومت پاکستان اور پاکستانی عوام سے گہری ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا جبکہ زخمیوں کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا

بقیہ	سحر	34

پاکستان کی شرح نمو مالی سال 2025 کے 3.2 فیصد سے بڑھ کر 3.7 فیصد ہوگئی، یہ اضافہ وسیع البنیاد تھا جبکہ خدمات اور مینوفیکچرنگ میں بحالی اور زراعت میں بہتری ہوئی۔رپورٹ کے مطابق مشرقِ وسطیٰ کے تنازع نے مالی سال کی آخری سہ ماہی میں معاشی سرگرمی کو سست کردیا، اس کے علاوہ 2027 میں خودمختار کریڈٹ ریٹنگ میں بہتری سے نجی سرمایہ کاری بڑھنے کی توقع ہے۔

بقیہ	سحر	35

مہینے میں انہوں نے خواتین کے پولیس فورس میں شامل ہونے کی مخالفت کی تھی جس پر انہیں شدید تنقید کا سامنا کرنا پڑا تھا، اور اب 3 ماہ بعد انہوں نے خواتین کے سکوٹر چلانے پر اعتراض اٹھا دیا ہے

بقیہ	سحر	36

کر دیا۔بھارتی جریدہ اسکرول ان کے مطابق بھارتی ریاست آسام میں 1400 سے زائد مسلم خاندانوں کے گھر مسمار کرکے اڈانی پاور پراجیکٹ کی بنیاد رکھ دی گئی، جولائی 2025 میں آسام حکومت نے 1400 سے زائد مسلمان خاندانوں کے گھر مسمار کیے تھے، آسام میں گھروں کی مسماری کے بعد 4 دہائیوں سے آباد تقریباً 10 ہزار مسلمان بے گھر ہوگئے، مودی کے بدترین اقتدار میں 2016 سے بلڈوزر کارروائیوں میں مسلمان آبادیوں کو نشانہ بنایا جا رہا ہے، بی جے پی حکومت اب تک بلڈوزر کارروائیوں میں تقریباً 8 مسلمانوں کو قتل بھی کرچکی ہے۔

بقیہ	سحر	37

سپلائی معطل کردی ہے۔دوسری جانب اسلام آباد اور پنجاب میں کنٹینرز کی پکڑ دھکڑ کے باعث شپنگ کمپنیز نے گڈز ٹرانسپورٹ کو کنٹینرز کی ترسیل بند کردی اور کنٹینرز گراؤنڈ کردیئے۔

بقیہ	سحر	38

نے منصوبوں کو علاقے کی ترقی اور بنیادی سہولیات کی بہتری کی جانب اہم پیشرفت قرار دیا ہے۔

بقیہ	سحر	39

کے بانی وصدر شیخ سید فیاض علی شاہ اور کچھ سرکردہ عمانی شخصیات کو تقریب میں بطور مہمانانِ اعزاز مدعو کیا گیا۔مزید براں عمان میں پاکستانی سفارت خانے کے ڈپٹی ہیڈ آف مشن، بلال حسن، قونصلر برائے ویزا اینڈ کلچر، سلمان طارق اور کیونٹی ویلفیئر اتاشی، حافظ عبدالمنان بیگ نے بھی تقریب میں شرکت کی۔

بقیہ	سحر	40

صرف دودھ کی پیداوار بڑھانا نہیں بلکہ پیداواری صلاحیت، پراسیسنگ، معیار، برانڈنگ اور ویلیو ایڈیشن کو بھی بہتر بنانا ہے۔اندرونی منگولیا لان گیگ ڈیری کمپنی لمیٹڈ کے برانڈ جنرل مینیجر وانگ وے کے مطابق، کمپنی کی 3-4-5 کہانی سے مراد وہ تین گائیں ہیں

بقیہ	سحر	41

ایم 14 کو بدھ کی شام سے ہکلہ تا کنڈل ٹریفک کے لیے بند کرنے کا فیصلہ کیا گیا، جی ٹی روڈ این 5 بھی اٹک خورد کے مقام پر بدھ کی شام سے ٹریفک کے لیے بند کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔پشاور موٹروے ایم ون بدھ کی رات 11 بجے سے تاحکم ثانی ہر قسم کی ٹریفک کے لیے بند رہیگا بتایا گیا موٹروے پولیس کی جانب سے جاری ایڈوائزری میں شہریوں کو ایم ون پر سفر سے گریز کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ	سحر	42

ناکام بنادی گئی۔مشترکہ کارروائی کے دوران بڑی مقدار میں شراب اور غیر قانونی ادویات برآمد کی گئیں جنہیں مزید قانونی کارروائی کے لیے پاکستان کوسٹ گارڈز کے حوالے کردیا گیا۔آئی ایس پی آر کے مطابق کامیاب کارروائی اسمگلنگ کی روک تھام میں اداروں کے باہمی تعاون کے درمیان موثر روابط کی عکاس ہے۔آئی ایس پی آر کے مطابق کارروائی پاکستانی سمندری حدود اور سرزمین کو غیر قانونی سرگرمیوں سے محفوظ رکھنے کے عزم کا اظہار بھی ہے۔

بقیہ	سحر	43

مقابلوں میں ٹینٹ پیگنگ کے مختلف مشکل اور تکنیکی مقابلے شامل تھے، جن میں غیر معمولی مہارت، بہترین ہم آہنگی اور سوار و گھوڑے کے درمیان باہمی ربط بنیادی اہمیت کا حامل تھا۔یہ کامیابی پاکستان میں گھڑ سواری کے کھیل کے لیے ایک اہم سنگِ میل ہے اور ایکوسٹرین فیڈریشن آف پاکستان سے وابستہ گھڑ سواروں، گھوڑوں، کوچز اور معاون عملے کی محنت، عزم اور لگن کا مظہر ہے۔عمان میں کامیاب مہم کے بعد یہ ٹیم اب 5 ویں انٹرنیشنل ٹینٹ پیگنگ ورلڈ کپ 2026، اردن میں ملک کی نمائندگی کرے گی، جہاں یہ سعودی عرب، بھارت، عمان، جنوبی افریقہ، مصر، یمن اور سوڈان کی ٹیموں کے مدمقابل ہوگی۔

بقیہ	سحر	44

پاکستانی کاروباری نمائندوں نے سرمایہ کاری، صحتی اور ٹیکنالوجی کے شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر زور دیا۔گوادر پرو کے مطابق یہ تقریب چینی سفارتخانے، پاکستان میں اوورسیز چائنیز ایسوسی ایشن اور پاکستان میں چینی کاروباری اداروں کی ایسوسی ایشن کے مشترکہ تعاون سے منعقد ہوئی۔تقریب میں چینی سفیر جیانگ زائی ڈونگ کے علاوہ پاکستانی حکام، سفارت کاروں اور کاروباری نمائندوں نے شرکت کی۔جیانگ ژائی ڈونگ نے کہا کہ چین کی اقتصادی ترقی نے پاکستان سمیت دیگر ممالک کے ساتھ بین الاقوامی تعاون کے لیے نئے مواقع پیدا کیے ہیں۔ انہوں نے جدید مینوفیکچرنگ اور غیر ملکی تجارت میں ہونے والی ترقی کا ذکر کرتے ہوئے بیرونی دباؤ اور ملک میں طلب و رسد سے متعلق درپیش چیلنجز کو بھی تسلیم کیا۔

بقیہ	سحر	45

مقصد کے تحت پیپلز بس سروس کے دائرہ کار کو مسلسل بڑھایا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ نئے روٹس متعارف کرانے کا مقصد شہریوں کو سستی اور بہتر سفری سہولت فراہم کرنا ہے۔

بقیہ	سحر	46

اور احتیاط برتنے کا مشورہ دیا ہے۔سفارتخانے کی جانب سے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری پیغام میں کہا گیا کہ سعودی قوانین کے تحت کسی بھی قسم کی سیاسی سرگرمی میں ملوث ہونا ممنوع ہے

بقیہ	سحر	47

ہوئے کشمیر سمیت جنوبی ایشیا کے تنازعات کو اقوام متحدہ کے چارٹر اور متعلقہ قراردادوں کے فریم ورک کے اندر مذاکرات کے ذریعے حل کرنے پر زور دیا۔

بقیہ	سحر	48

ہوں گے۔ اسٹینڈنگ کمیٹیوں کے اجلاسوں کی تعداد کم سے کم رکھنے کی ہدایت کی گئی ہے جبکہ پنجاب اسمبلی میں ہر قسم کی نئی گاڑیوں کی خریداری پر پابندی ہوگی۔تاہم پہلے سے شروع کیے پروکیورمنٹ عمل کو پابندی سے مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے۔

بقیہ	سحر	49

کہ پارکنگ کی سہولت کی تعمیر کے لیے 17 ایکڑ اراضی اب بھی دستیاب ہے۔ایکسل لوڈ مینجمنٹ کے معاملے پر وزیر بحری امور نے ایسوسی ایشن کو بندرگاہوں کے نمائندوں کے ساتھ اجلاس کر کے مسئلے کا قابل قبول حل تلاش کرنے کی بھی ہدایت کی

مسلسل اصلاحات اور مضبوط ذخائر پاکستان کے معاشی منظر نامے کو سہارا دے رہے ہیں، ایشیائی ترقیاتی بینک

ایشیائی ترقیاتی بینک کی پاکستان کی معاشی صورتحال پر رپورٹ جاری، معاشی شرح نمو 2027 میں 3.7 فیصد رہنے کی پیشگوئی برقرار

سیلاب کے باوجود زراعت کے شعبے میں 2.9 فیصد اضافہ ہوا، شرح سود میں کمی اور بہتر کاروباری اعتماد کے باعث نجی سرمایہ کاری میں 8.6 فیصد اضافہ ہوا

نیلا/اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایشیائی ترقیاتی بینک نے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ مسلسل اصلاحات اور مضبوط ذخائر پاکستان کے معاشی منظر نامے کو سہارا دے رہے ہیں۔ایشیائی ترقیاتی بینک نے پاکستان کی معاشی صورتحال پر رپورٹ جاری کردی جس میں پاکستان کی معاشی شرح نمو رواں مالی سال 2027 میں 3.7 فیصد رہنے کی پیشگوئی برقرار رکھی ہے جو حکومت کے 4 فیصد بجٹ ہدف سے کم ہے۔رپورٹ کے مطابق مسلسل اصلاحات اور مضبوط ذخائر پاکستان کے معاشی منظر نامے کو سہارا دے رہے ہیں۔رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ گزشتہ مالی سال میں پاکستان کی معاشی کارکردگی میں مسلسل بہتری آئی، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34)

نامور انٹرنیشنل بزنسمین، صنعتکار اور سماجی وسیاسی رہنما الحاج چوہدری محمد اسلم کی جانب سے دیئے عشائیے میں شرکاء کیک کاٹتے ہوئے اور دوسری خطاب کرتے ہوئے

امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن اسلام آباد میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے

پاکستان نے عمان میں آئی ٹی پی ایف ورلڈ کپ کوالیفائر میں پہلی پوزیشن حاصل کرلی

عمان میں کامیاب مہم کے بعد یہ ٹیم اب 5 ویں انٹرنیشنل ٹینٹ پیگنگ ورلڈ کپ 2026، اردن میں ملک کی نمائندگی کریگی

ایکوسٹرین فیڈریشن آف پاکستان سے وابستہ گھڑ سواروں، گھوڑوں، کوچز اور معاون عملے کی محنت، عزم اور لگن کا مظہر ہے

اسلام آباد (عباس ملک سے) مسقط، عمان: پاکستان نے عمان میں منعقدہ انٹرنیشنل ٹینٹ پیگنگ فیڈریشن (ITPF) ورلڈ کپ کوالیفائر میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پہلی پوزیشن حاصل کرلی اور 5 ویں آئی ٹی پی ایف ٹینٹ پیگنگ ورلڈ کپ 2026 کے لیے کوالیفائی کرلیا جو اردن میں منعقد ہو گا۔پاکستانی دستے نے ایکوسٹرین فیڈریشن آف پاکستان (EFP) کے تحت ملک کی نمائندگی کرتے ہوئے تین روزہ مقابلوں میں عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور 455 پوائنٹس کے ساتھ مجموعی طور پر پہلی پوزیشن حاصل کی۔پاکستانی ٹیم نے گھڑ سواری کی مہارت، نظم و ضبط اور فنی صلاحیتوں کا اعلیٰ معیار برقرار رکھتے ہوئے مختلف مقابلوں میں 6 طلائی، 5 چاندی اور 2 کانسی کے تمغے حاصل کیے۔(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43)

پیشوکان میں پاک بحریہ و کوسٹ گارڈ نے اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی، شراب وغیر قانونی ادویات برآمد

راولپنڈی/(مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نیوی اور پاکستان کوسٹ گارڈز نے جوائنٹ میری ٹائم انفارمیشن کوآرڈی نیشن سینٹر کے تعاون سے پیشوکان میں مشترکہ انسدادِ اسمگلنگ کارروائی کرتے ہوئے اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی، شراب وغیر قانونی ادویات برآمد کرلی گئیں۔آئی ایس پی آر کے مطابق قابلِ عمل خفیہ اطلاعات پر کی گئی کارروائی میں ممنوع اشیا کی بڑی مقدار کی اسمگلنگ کی کوشش (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42)

کنٹینرز کی پکڑ دھکڑ، گڈز ٹرانسپورٹرز نے کراچی سے اسلام آباد سامان کی ترسیل بند کردی

کراچی سے اسلام آباد کے لیے اشیائے خورونوش سمیت دیگر سامان کی سپلائی معطل کردی ہے، چیئرمین گڈز ٹرانسپورٹ سپریم کونسل

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد اور پنجاب میں کنٹینرز کی پکڑ دھکڑ کے معاملے پر گڈز ٹرانسپورٹ سپریم کونسل نے کراچی سے اسلام آباد اشیائے خورونوش سمیت دیگر سامان کی ترسیل بند کردی۔ چیئرمین گڈز ٹرانسپورٹ سپریم کونسل کے مطابق کنٹینرز پکڑے جانیکے باعث گڈز ٹرانسپورٹ کو بھاری نقصان کا سامنا ہے جس کے سبب گڈز ٹرانسپورٹ نے لوڈنگ بند کردی ہے۔چیئرمین گڈز ٹرانسپورٹ سپریم کونسل نے کہا کہ کراچی سے اسلام آباد کے لیے اشیائے خورونوش سمیت دیگر سامان کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37)

خواتین بری ڈرائیور ہیں، فواد چوہدری کا سکوٹر چلانے والی خواتین سے متعلق متنازعہ بیان

لاہور (سٹاف رپورٹر) سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری کی جانب سے خواتین سے متعلق ایک اور متنازعہ بیان سامنے آنے پر سوشل میڈیا پر ہنگامہ برپا ہوگیا ہے۔ اس سے قبل جون کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35)

کارپوریٹ سہولت کاروں کے مفادات کا تحفظ مودی کی ترجیح، آسام کے مسلمان بھی نشانے پر آگئے

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) مودی نے اپنے سہولت کار اڈانی کے معاشی مفادات کیلئے آسام میں بے تحاشا مسلمانوں کو بے گھر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36)

الحاج چوہدری محمد اسلم کی جانب سے شاندار عوامی تقریب اور پرتکلف عشائیے کا اہتمام

الحاج چوہدری محمد اسلم کا آبائی تعلق بھکر سے ہے اور وہ پچھلی نِصف صدی سے عُمان میں کاروبار سے وابستہ ہیں

عُمان میں سفیرِ پاکستان سید نوید صفدر بخاری تقریب کے مہمانِ خصوصی تھے

پاکستان برِصغیر کے مسلمانوں کی جدوجُہد، لاکھوں قربانیوں اور قائداعظم کی دانشمندانہ قیادت کا نتیجہ ہے، الحاج چوہدری محمد اسلم

مسقط (رپورٹ: سید زیب حسن) گزشتہ دنوں عُمان کے شہر صُحار میں پاکستان کے یومِ آزادی، یومِ دفاع اور یومِ وفاتِ قائداعظم کی مناسبت سے ممتاز اور نامور انٹرنیشنل بزنسمین، صنعتکار اور سماجی وسیاسی رہنما الحاج چوہدری محمد اسلم نے صُحار سے اپنے کچھ احباب کی انتظامی معاونت کے ساتھ الباطنہ شمال گورنریٹ کے پاکستانیوں کی جانب سے ایک پروقار اور شاندار عوامی تقریب اور پرتکلف عشائیے کا اہتمام کیا۔ الحاج چوہدری محمد اسلم کا آبائی تعلق بھکر سے ہے اور وہ پچھلی نِصف صدی سے عُمان میں کاروبار سے وابستہ ہیں۔ تقریب میں پاکستانی کمیونٹی نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ عُمان میں سفیرِ پاکستان سید نوید صفدر بخاری تقریب کے مہمانِ خصوصی تھے۔ جبکہ عُمان۔ پاکستان فرینڈشپ ایسوسی ایشن (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39)

پنجاب میں فوج اور رینجرز کی تعیناتی کی وفاقی حکومت نے درخواست منظور کرلی

راولپنڈی، اٹک، جہلم اور میانوالی میں رینجرز کے دستے 5 اکتوبر 2026 تک تعینات رہیں گے، راولپنڈی میں رینجرز کی 3 کمپنیوں کی تعیناتی کی درخواست کی گئی تھی

رینجرز کی تعیناتی آئین پاکستان کے آرٹیکل 245، انسداد دہشت گردی ایکٹ 1997 کی دفعات 4 اور 5 اور پاکستان رینجرز آرڈیننس 1959 کی دفعات 7(ب) اور 10 کے تحت کی گئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی حکومت نے پنجاب میں فوج اور رینجرز کی تعیناتی کی درخواست منظور کرلی، ذرائع کے مطابق راولپنڈی، اٹک، جہلم اور میانوالی میں رینجرز کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50)

لاہور: صوبائی وزیر اوورسیز پاکستانیز کمیشن پنجاب بیرسٹر امجد ملک ای کھلی کچہری کی صدارت کررہے ہیں

موٹروے M2 پر بدھ سے بڑی گاڑیوں، کارگو وہیکلز پر پابندی عائد

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) موٹروے 2 پر بدھ کو لاہور سے بڑی گاڑیوں اور کارگو وہیکلز کے اسلام آباد داخلے پر پابندی لگادی گئی۔ترجمان موٹروے پولیس کے مطابق موٹر وے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41)

لاڑکانہ، موٹر سائیکل سوار مسلح افراد کی کار پر سرعام اندھا دھند فائرنگ، 4 افراد جاں بحق

لاڑکانہ / کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سول لائن تھانے کی حدود لاہوری محلے میں موٹر سائیکل سوار تین نامعلوم مسلح افراد کی کار پر اندھا دھند فائرنگ سے 4 افراد جاں بحق ہوگئے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51)

پاکستان کی پارلیمان اور سعودی مجلسِ شوریٰ کے درمیان مضبوط روابط دونوں ممالک کے دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کا موثر ذریعہ ہے، سردار ایاز صادق

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے سعودی عرب کے 96 ویں قومی دن پر سعودی قیادت اور عوام کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52)

چمن میں زلزلے کے جھٹکے، شدت 3.8 ریکارڈ، لوگ کلمہ پڑھتے گھروں سے نکل آئے، زلزلے کا مرکز چمن کے قریب تھا

چمن (مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان کے ضلع چمن میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے ہیں۔زلزلہ پیما مرکز کے مطابق چمن اور گردونواح میں آنے والے زلزلے کی شدت 3.8 ریکارڈ ہوئی ہے جبکہ گہرائی 12 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی ہے۔زلزلہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55)

سموگ فری لاہور کے لیے پی ایچ اے لاہور کے اقدامات جاری

لاہور (وقائع نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے خوبصورت، سرسبز اور سموگ فری لاہور کے وژن کے تحت ہارٹی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56)

بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو؛ صوبے میں ترقیاتی سرگرمیاں زور و شور سے جاری

قلعہ سیف اللہ کے عوام نے منصوبوں کو علاقے کی ترقی اور بنیادی سہولیات کی بہتری کی جانب اہم پیشرفت قرار دیا، رپورٹ

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو کے تحت صوبے میں ترقیاتی سرگرمیاں عروج پر پہنچ گئیں۔بی ایس ڈی آئی کے تحت ضلع قلعہ سیف اللہ میں فیز ون اور فیز ٹو کے مجموعی طور پر 53 ترقیاتی منصوبے مکمل کرلیے گئے۔ضلع قلعہ سیف اللہ میں 53 ترقیاتی منصوبے 85 کروڑ روپیے زائد کی لاگت سے مکمل کیے گئے ہیں۔ترقیاتی منصوبوں میں سڑکوں کی تعمیر، سولر آئزیشن، واٹر سپلائی، حفاظتی بند، سیوریج اور تعلیمی سہولیات شامل ہیں۔ایف سی بلوچستان (نارتھ)، سول انتظامیہ اور منتخب عوامی نمائندوں پر مشتمل کمیٹی نے منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا ہے۔قلعہ سیف اللہ کے عوام (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38)

چینی ڈیری ماڈل پاکستان کے لائیو اسٹاک شعبے کیلئے قابلِ غور مثال

پاکستان ڈیری شعبے میں ویلیو ایڈیشن بڑھا کر معاشی فوائد حاصل کرسکتا ہے، رپورٹ

اولان قاب (مانیٹرنگ ڈیسک) تین گائیں، چار بھائی اور صرف 500 یوآن شاید ایک جدید ڈیری کمپنی کی بنیاد کے لیے غیر معمولی وسائل محسوس ہوں لیکن اندرونی منگولیا کے اولان قاب میں قائم لان گیگے ڈیری کی کہانی کچھ ایسی ہی ہے، جہاں ایک خاندان کی روایتی دہی بنانے کی مہارت نے ایک ایسے جدید کاروباری ادارے کی شکل اختیار کرلی جو ڈیری فارمنگ، تحقیق، خودکار پیداوار اور پورے چین میں مصنوعات کی تقسیم تک پھیل چکا ہے۔چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق کمپنی کی یہ کہانی پاکستان کے لیے بھی سبق آموز ہے، جو دنیا کے بڑے دودھ پیدا کرنے والے ممالک میں شامل ہے، پاکستان کیلئے چیلنج (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40)

گڈز ٹرانسپورٹرز کا پارکنگ مسائل کے حل میں تعاون پر وفاقی وزیر بحری امور سے اظہار تشکر

پارکنگ کی سہولت کی تعمیر کے لیے 17 ایکڑ اراضی اب بھی دستیاب ہے

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انوار چوہدری سے پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ الائنس کے چھ رکنی وفد نے ملاقات کی اور پارکنگ کے مسائل کے حل میں کردار ادا کرنے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔وزارت برائے بحری امور کی طرف سے جاری بیان کے مطابق بدھ کو الائنس کے صدر ملک شہزاد اعوان کی قیادت میں وفاقی وزیر سے ملاقات کرنے والے وفد میں نثار حسین جعفری، بختاور خان وزیر اور عمر فاروق شامل تھے۔وفاقی وزیر جنید انوار چوہدری نے کہا کہ وہ ٹرانسپورٹرز کی تنظیم کے نمائندوں سے گزشتہ ملاقات میں کیے گئے وعدوں پر آج بھی قائم ہیں۔انہوں نے وفد کو بتایا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49)

لاہور: چیئرمین ایف بی آر ارشد محمود لنگڑیال سے صدر لاہور ٹیکس بار رانا ثاقب منیر ملاقات کرتے ہوئے

پیشوکان میں پاک بحریہ و کوسٹ گارڈ نے اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی، شراب وغیر قانونی ادویات برآمد

راولپنڈی/(مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نیوی اور پاکستان کوسٹ گارڈز نے جوائنٹ میری ٹائم انفارمیشن کوآرڈی نیشن سینٹر کے تعاون سے پیشوکان میں مشترکہ انسدادِ اسمگلنگ کارروائی کرتے ہوئے اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی، شراب وغیر قانونی ادویات برآمد کرلی گئیں۔آئی ایس پی آر کے مطابق قابلِ عمل خفیہ اطلاعات پر کی گئی کارروائی میں ممنوع اشیا کی بڑی مقدار کی اسمگلنگ کی کوشش (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42)

چین کے قومی دن کی تقریب، پاک چین تجارتی روابط کے فروغ پر اتفاق

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد میں چین کے قومی دن اور وسطِ خزاں کے تہوار کے موقع پر منعقدہ استقبالیے میں چینی اور (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44)

سفارتخانے کا انتباہ جاری، سعودی عرب میں پاکستانیوں کو سیاسی سرگرمیوں سے دور رہنے کی ہدایت

ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی عرب میں پاکستانی سفارتخانے نے وہاں مقیم پاکستانی شہریوں کو سیاسی سرگرمیوں، مظاہروں اور سیاسی نظریات کی تشہیر سے گریز کرنے کی ہدایت کی ہے۔سفارتخانے نے پاکستانی شہریوں کو سوشل میڈیا کے استعمال میں بھی مقامی قوانین کی پابندی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46)

ترکیہ کا اقوام متحدہ میں مسئلہ کشمیر حل کرنے کا مطالبہ، طیب اردگان کا اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں اصلاحات کا بھی مطالبہ

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) ترک صدر رجب طیب اردوان نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں مسئلہ کشمیر کو ایک بار پھر اٹھاتے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47)

سندھ 500 الیکٹرک بسیں خریدنے کی تیاری، 50 ڈبل ڈیکر نومبر تک پہنچیں گی

سندھ حکومت پبلک ٹرانسپورٹ کے نظام کو مزید وسعت دے رہی ہے، صوبائی وزیر شرجیل میمن

قمبر، شہدادکوٹ اور دیگر علاقوں کے شہری جدید بس سروس کو سراہ رہے ہیں

کراچی (بیورو رپورٹ) سندھ حکومت نے پبلک ٹرانسپورٹ کے نظام کو مزید وسعت دینے کے لیے 500 الیکٹرک بسوں کی خریداری کی تیاری کرلی ہے اس سلسلے میں محکمہ ٹرانسپورٹ نے بسوں کی خریداری کی سمری کابینہ کو ارسال کردی ہے۔میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا کہ کابینہ کی منظوری کے بعد صوبے کے مختلف شہروں میں مرحلہ وار نئی الیکٹرک بسیں چلائی جائیں گی۔سندھ حکومت پبلک ٹرانسپورٹ کے نظام کو مزید وسعت دے رہی ہے۔شرجیل انعام میمن کے مطابق سندھ حکومت کی ترجیح ہے کہ جدید پبلک ٹرانسپورٹ کی سہولت صرف کراچی تک محدود نہ رہے، اسی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45)



لاہور: چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر کا بانی پی ٹی آئی عمران کی بہنوں سے اظہار یکجہتی کے موقع پر اہلخانہ کے ہمراہ گروپ فوٹو

پنجاب اسمبلی میں کفایت شعاری اینڈ بچت کے نئے اقدامات نافذ

سرکاری ٹرانسپورٹ کے اخراجات میں 50 فیصد کمی، نئی گاڑیوں کی خریداری، غیر ضروری غیر ملکی دوروں پر پابندی

غیر ضروری لائٹس، برقی آلات بند کرکے 70 فیصد توانائی بچانے کا ہدف، اسمبلی اجلاس غروبِ آفتاب سے قبل شیڈول کیا جا سکے گا

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب اسمبلی میں کفایت شعاری اور ایندھن بچت کے نئے اقدامات نافذ کردیئے گئے، سرکاری ٹرانسپورٹ کے اخراجات میں 50 فیصد کمی کی جائے گی۔تفصیلات کے مطابق دنیا بھر میں بڑھتی پٹرولیم مصنوعات کے پیش نظر پنجاب اسمبلی میں ایندھن بچت کے نئے اقدامات نافذ کیے گئے ہیں۔اسمبلی میں سکیورٹی گاڑیوں کی تعداد ایک ایسکارٹ تک محدود ہوگی، غیر ضروری لائٹس اور برقی آلات بند کرکے 70 فیصد توانائی بچائی جائے گی۔اسمبلی اجلاس توانائی بچانے کے لیے غروبِ آفتاب سے قبل شیڈول کیا جا سکے گا، اسٹینڈنگ کمیٹیوں کے اجلاس ناگزیر ہونے کی صورت میں آن لائن (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48)

ڈاکٹر محبوب عالم رانا کی صاحبزادی عمیمہ شفق عالم نے امریکی ادارے یو ایس ایم ایل ای سے میڈیکل لائسنس کا پہلا ٹیسٹ پاس کرلیا

سحر کے چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان، ایڈیٹر رانا خالد قمر، مینجنگ ایڈیٹر رانا غلام مجتبیٰ اور تمام سٹاف نے ڈاکٹر صاحب اور ان کی فیملی کو مبارکباد پیش کی ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) روزنامہ سحر کے ایڈیٹوریل انچارج ڈاکٹر محبوب عالم رانا کی صاحبزادی عمیمہ شفق عالم نے امریکی ادارے یو ایس ایم ایل ای سے میڈیکل لائسنس کا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 67)

لاہور: روزنامہ سحر کے ایڈیٹوریل انچارج ڈاکٹر محبوب عالم رانا کا بیٹی کے ہمراہ گروپ فوٹو

پی ایچ اے کا صوبے کے قبرستانوں میں شجرکاری کا منصوبہ

لاہور (وقائع نگار) پنجاب ہارٹی کلچر اتھارٹی نے اپنے زیر انتظام اضلاع کے قبرستانوں میں شجرکاری کا منصوبہ بنایا ہے جس کے تحت شہر ہائے خموشاں میں سایہ دار اور مقامی درخت لگائے جائیں گے۔ڈی جی پی ایچ اے احمد عثمان جاوید نے ضلعی ایجنسیوں کو اپنے اپنے علاقوں کے قبرستانوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 68)

اتحاد علماء اہل سنت پاکستان کا (کل) جمعتہ المبارک کو ملک بھر میں یومِ تحفظِ حرمین شریفین کے طور پر منانے کا اعلان

لاہور (سٹاف رپورٹر) اتحاد علماء اہل سنت پاکستان کے مرکزی سرپرست اعلیٰ حافظ اسعد عبید، مرکزی صدر مولانا عبدالرؤف فاروقی، مرکزی نائب صدر مولانا ڈاکٹر سرفراز اعوان، مولانا حافظ محمد نعمان حامد جالندھری، مولانا حافظ حسین احمد (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 69)

پنجاب بھر میں دفعہ 144 نافذ، فوج و رینجرز کی تعیناتی کیلئے وفاق کو خط لکھ دیا گیا، پشاور موٹروے ایم ون بند

لاہور / اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پی ٹی آئی کے ممکنہ لانگ مارچ کے پیش نظر پنجاب حکومت نے فوج و رینجرز کی تعیناتی کیلئے وفاق کو خط لکھ دیا ہے اور صوبے بھر میں دفعہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 70)

بیڑے میں نئے طیارے شامل ہوتے ہی مالدیپ کیلئے براہِ راست پروازیں شروع کی جائینگی، سی ای او

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز پی آئی اے نے اعلان کیا ہے کہ بیڑے میں نئے طیارے شامل ہوتے ہی مالدیپ کے لیے براہِ راست پروازیں شروع کی جائیں گی۔پی آئی اے کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ایئر وائس مارشل محمد عامر حیات نے کہا ہے کہ پاکستان اور مالدیپ کے درمیان فضائی رابطے سے سیاحت، تجارت اور عوامی روابط کو فروغ ملے گا۔پی آئی اے کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 72)

وزیر اعظم فیول سبسڈی سکیم کے تحت پنجاب بھر میں اب تک 28 لاکھ سے زائد افراد رجسٹرڈ ہو چکے ہیں، افتخار علی سہو

پنجاب بھر کے 63 ہزار سے زائد پٹرول پمپس پر وزیر اعظم فیول سبسڈی فراہم کی جا رہی ہے

لاہور (وقائع نگار) ایڈیشنل چیف سیکریٹری پنجاب افتخار علی سہو نے کہا ہے کہ وزیر اعظم فیول سبسڈی سکیم کے تحت پنجاب بھر میں اب تک 28 لاکھ سے زائد افراد رجسٹرڈ ہو چکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم فیول سبسڈی سکیم کے تحت 27 لاکھ سے زائد افراد کو ٹوکن جاری کیے جا چکے ہیں، جنہوں نے اس سہولت سے استفادہ کیا ہے۔افتخار علی سہو نے بتایا کہ پنجاب بھر کے 63 ہزار سے زائد پٹرول پمپس پر وزیر اعظم فیول سبسڈی فراہم کی جا رہی ہے، جبکہ سکیم کی نگرانی کے لیے مختلف اسپکشن ٹیمیں پٹرول پمپس کے فزیکل وزٹ کر رہی ہیں۔عوام کو رجسٹریشن کے دوران پیش آنے والے مسائل کے بارے میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 71)

ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کا گزشتہ روز مختلف ترقیاتی منصوبوں کا دورہ

ڈی جی ایل ڈی اے نے ہجویری سٹریٹ، پیڈسٹرین انڈر پاس اور حضرت علی ہجویری انڈر پاس کا جائزہ لیا

لاہور (وقائع نگار) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے گزشتہ روز مختلف ترقیاتی منصوبوں داتا دربار، بھاٹی چوک اور ریلوے اسٹیشن کے اطراف کا دورہ کیا۔چیف انجینئر ٹیپو اقرار حسین اور چیف انجینئر ایل ڈی اے اسرار سعید نے بریفنگ دی۔ڈی جی ایل ڈی اے نے ہجویری سٹریٹ، پیڈسٹرین انڈر پاس اور حضرت علی ہجویری انڈر پاس کا جائزہ لیا۔ڈی جی ایل ڈی اے نے بھاٹی چوک سے اندرون سرکلر روڈ سڑک کی ایک طرف املاک کے فساڈ کی اپ گریڈیشن کے کاموں کا بھی جائزہ لیا۔ڈی جی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 73)

وزیر اعلیٰ سندھ کے ایشین ڈویلپمنٹ بینک کی کنٹری ڈائریکٹر کی ملاقات، سندھ اور ڈی بی کا ترقیاتی تعاون بڑھانے پر اتفاق

ایس ایس ای آئی پی کے تحت 10 نئے اسکول مکمل، 10 اضلاع میں 116 جدید سیکنڈری اسکول بلاکس تعمیر ہوں گے، کے سی آر کے زیر التوا مسائل حل کرنے کا فیصلہ

وزیر اعلیٰ سندھ اور اے ڈی بی نے صوبے میں جامع ترقی، انسانی سرمائے اور عوام کے معیار زندگی میں بہتری کیلئے تعاون مزید بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا

کراچی (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے ایشین ڈویلپمنٹ بینک کی کنٹری ڈائریکٹر ایما فین نے ملاقات کی، جس میں سندھ حکومت اور اے ڈی بی کے درمیان تعلیم، صحت، ٹرانسپورٹ، دیہی ترقی، ڈیجیٹلائزیشن اور موسمیاتی لچک کے منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ملاقات میں وزیر تعلیم سید سردار علی شاہ، چیئرمین منصوبہ بندی و ترقی نجم احمد شاہ، سیکریٹری اسکول ایجوکیشن زاہد عباسی، سیکریٹری ٹو وزیر اعلیٰ آصف جمیل، پروجیکٹ ڈائریکٹر ایس ایس ای آئی پی رضوان سومرو اور دیگر حکام شریک ہوئے، جبکہ اے ڈی بی وفد میں پرنسپل کنٹری اسپیشلسٹ شوکت صافی، پرنسپل پروجیکٹ آفیسر خرم (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 74)

لاہور: لاہور چیمبر کے سالانہ انتخابات کے پہلے مرحلے میں کارپوریٹ کلاس کی نشستوں پر پولنگ کے موقع پر ووٹرز ووٹ کاسٹ کرنے کیلئے آرہے ہیں

روایتی کھیلوں کا نوجوانوں میں مثبت سرگرمیوں کو فروغ دینے میں اہم کردار ہے، سردار سلیم حیدر خان

نیزہ بازی پنجاب خصوصاً پوٹھوہار کے خطے کی قدیم ثقافتی اور روایتی کھیلوں میں نمایاں مقام رکھتی ہے

گورنر پنجاب کی تحصیل فتح جنگ ضلع اٹک میں نیزہ بازی مقابلے میں بطور مہمان خصوصی شرکت

لاہور (سٹاف رپورٹر) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے تحصیل فتح جنگ ضلع اٹک میں نیزہ بازی مقابلے میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔گورنر پنجاب نے نیزہ بازی کے مقابلوں میں حصہ لینے والے گھڑ سواروں کی مہارت، جذبے اور بہترین کارکردگی کو سراہا۔گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ نیزہ بازی پنجاب خصوصاً پوٹھوہار کے خطے کی قدیم ثقافتی اور روایتی کھیلوں میں نمایاں مقام رکھتی ہے۔نوجوانوں کو منشیات اور دوسری منفی سرگرمیوں سے محفوظ رکھنے کے لیے کھیلوں جیسی صحت مند سرگرمیوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58)

پنجاب اسمبلی میں کفایت شعاری، توانائی بچت کے اقدامات نافذ کر دیئے

اخراجات میں کمی اور توانائی بچت کے لئے متعدد اقدامات کئے گئے ہیں

ضروری روزمرہ اشیا کے علاوہ دیگر خریداری بھی کم سے کم سطح تک محدود رہے گی

لاہور (پارلیمانی رپورٹر) پنجاب اسمبلی میں کفایت شعاری، توانائی بچت کے اقدامات نافذ کر دئے گئے، اخراجات میں کمی اور توانائی بچت کے لئے متعدد اقدامات کئے گئے ہیں تفصیلات کے مطابق پنجاب اسمبلی نے وفاقی حکومت اور قومی اسمبلی کی کفایت شعاری پالیسی کے تحت تین ماہ کے لیے اخراجات میں کمی اور توانائی بچت کے مختلف اقدامات نافذ کردیے۔جاری حکم نامے میں سرکاری ٹرانسپورٹ کے اخراجات میں 50 فیصد کمی، سیکیورٹی گاڑیوں کو ایک اسکواڈ تک محدود کرنے اور 70 فیصد توانائی بچانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔توانائی کی بچت کے لیے اسمبلی اجلاس غروبِ آفتاب سے قبل منعقد کرنے کی ہدایت بھی کی گئی ہے۔قائمہ کمیٹیوں کے ناگزیر اجلاس آن لائن منعقد ہوں گے جبکہ گاڑیوں اور پائیدار اشیا کی نئی خریداری پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ضروری روزمرہ اشیا کے علاوہ دیگر خریداری بھی کم سے کم سطح تک محدود رہے گی۔حکم نامے کے تحت اراکین اسمبلی اور افسران کے غیر ملکی دوروں پر پابندی، کاغذ سے پاک دفتری (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59)

معروف صحافی و سماجی کارکن بایزید خان خروٹی کا محکمہ ہاؤسنگ پنجاب کا دورہ

سیکرٹری ہاؤسنگ نورالامین مینگل نے بایزید خان خروٹی کو محکمہ ہاؤسنگ میں موجود انڈر گراؤنڈ واٹر ٹینک کا بھی دورہ کروایا

لاہور (وقائع نگار) بلوچستان سے تعلق رکھنے والے معروف صحافی و سماجی کارکن بایزید خان خروٹی نے محکمہ ہاؤسنگ پنجاب کا دورہ کیا، جہاں سیکرٹری ہاؤسنگ نورالامین مینگل نے انہیں محکمہ کی جانب سے جاری مختلف منصوبوں اور اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔سیکرٹری ہاؤسنگ نور الامین مینگل نے بایزید خان خروٹی کو محکمہ ہاؤسنگ میں موجود انڈر گرا